Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ
عوام کی بے ساختہ للکار
ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 14 بدھ، 17 جنوری 2024ء، 5 رجب المرجب 1445ھ، قیمت 10 روپے شمارہ 246

مقامی حکومتوں کے بغیر نچلی سطح پر مسائل کا حل ناممکن ہے وزیر اطلاعات

کانفرنس میں شرکت میرے لئے باعث مسرت ہے، ملک کیلئے سب سے اہم شہری مسائل کی اجتماعی طور پر نشاندہی ہے، ک ہیکاتھون دو روزہ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب

چیئرمین ٹیوٹا بریگیڈیئر (ر) ساجد کھوکھر ٹیوٹا سیکرٹریٹ میں اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) نگران وفاقی وزیر اطلاعات ونشریات مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ مقامی حکومتوں کے بغیر نچلی سطح پر مسائل کا حل ممکن نہیں ہے۔ اسلام آباد میں مسائل کی شناخت کی سوک ہیکاتھون دو روزہ کانفرنس کی افتتاحی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مرتضیٰ سولنگی کا کہنا تھا کہ کانفرنس میں شرکت میرے لئے باعث مسرت ہے، ملک کیلئے سب سے اہم شہری مسائل کی اجتماعی (بقیہ نمبر 1)

میاں بیوی میں ہم آہنگی اور خوشی نہ ہو تو اسلام علیحدگی کی اجازت دیتا ہے

سندھ ہائیکورٹ کا خلع لینے کے حق میں فیصلہ قانون کے مطابق درست ہے، عدالت عظمیٰ

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ نے امریکا میں شادی اور پھر خلع لینے کے کیس کے خلاف پاکستانی شہری کی اپیل خارج کرنے کا تحریری حکم نامہ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ میاں بیوی میں ہم آہنگی اور خوشی نہ ہو تو اسلام علیحدگی کی اجازت دیتا ہے۔ سپریم کورٹ کے جسٹس حسن اظہر رضوی نے 7 صفحات پر مشتمل فیصلہ تحریر کیا جس کے مطابق درخواست گزار نے سابق اہلیہ کے امریکا میں ہوئے نکاح کی پاکستان میں منسوخی (بقیہ نمبر 2)

2 ارب ڈالر کا قرض رول اوور کیے جانے کا امکان

یو اے ای کو 1 ارب ڈالر پر 3 فیصد اور ایک ارب ڈالر پر 6.5 فیصد منافع ادا کیا جائے گا

دبئی (این این آئی) متحدہ عرب امارات کی جانب سے رواں ہفتے 2 ارب ڈالر کا قرض رول اوور کیے جانے کا امکان ہے۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق یو اے ای کی جانب سے 2 ارب ڈالر کا قرض ایک سال (بقیہ نمبر 6)

عوام پر مزید بجلی گرانے کی تیاریاں

درخواست کی منظوری کی صورت میں صارفین پر 49 ارب روپے سے زائد کا بوجھ پڑے گا

اسلام آباد (بیورو چیف) حکومت نے عوام پر ایک اور بجلی بم گرانے کی تیاری کر لی جس کے تحت بجلی 5 روپے 62 پیسے فی یونٹ مہنگی ہونے کا امکان ہے۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق سینٹرل پاور پرچیزنگ ایجنسی) (بقیہ نمبر 5)

ترقیاتی منصوبوں کیلئے 3 کھرب 5 ارب 95 کروڑ جاری

ترقیاتی منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر اب تک 3 کھرب 5 ارب 95 کروڑ 75 لاکھ کے فنڈز جاری کر دیے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) وزارت منصوبہ بندی، ترقی، اصلاحات وخصوصی اقدامات نے سرکاری شعبے کے ترقیاتی پروگرام کے تحت ملک کے ترقیاتی منصوبوں کیلئے مجموعی طور پر اب تک 3 کھرب 5 ارب (بقیہ نمبر 3)

بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی عدالت میں پیش ہوئے تاہم وکلاء غیر حاضر رہے

فرد جرم عائد

غیر شرعی نکاح کیس
عمران خان
بشریٰ بی بی پر

غیر شرعی نکاح کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد کر دی گئی۔ سینئر سول جج قدرت اللہ نے اڈیالہ جیل میں سماعت کی

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) غیر شرعی نکاح کیس میں بانی پی ٹی آئی عمران خان اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی پر فرد جرم عائد کر دی گئی۔ سینئر سول جج قدرت اللہ نے اڈیالہ جیل میں سماعت کی۔ عدالت نے غیر شرعی نکاح کیس کی مزید سماعت 18 جنوری تک ملتوی کر دی۔ دوران سماعت، عدالت کے استفسار پر وکیل نے بتایا کہ بشریٰ بی بی کی طبیعت ناساز ہوگئی تھی اس لیے وہ واپس نکل گئیں اور اسپتال بھی جانا تھا۔ عدالت نے بغیر اطلاع بشریٰ (بقیہ نمبر 9)

WORLD ECONOMIC FORUM
نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ عالمی اقتصادی فورم کے موقع پر امریکی صدر کے خصوصی ایلچی برائے موسمیات جان کیری سے ملاقات کر رہے ہیں

پاکستان مستقبل قریب میں 'ڈیجیٹل حب' بننے جا رہا ہے، ڈاکٹر عمر سیف

فری لانسنگ، اسکل ڈویلپمنٹ اور ای کامرس میں دنیا پاکستانی ذہانت کی معترف ہو رہی ہے

ڈاووس (این این آئی) نگران وزیر آئی ٹی ڈاکٹر عمر سیف نے کہا ہے کہ پاکستان مستقبل قریب میں 'ڈیجیٹل حب' بننے جا رہا ہے، فری لانسنگ، اسکل ڈویلپمنٹ اور ای کامرس میں دنیا پاکستانی ذہانت کی معترف ہو رہی ہے۔ سوئٹزرلینڈ کے شہر ڈاووس میں منعقدہ 54ویں عالمی اقتصادی فورم میں نگران وزیر آئی ٹی ڈاکٹر عمر سیف، نگران (بقیہ نمبر 7)

لاہور پولیس نے شدید سردی کے باعث بے ہوش شخص کی جان بچالی

لاہور (این این آئی) پولیس نے شدید سردی کی وجہ سے بے ہوش ہو جانے والے شخص کی جان بچالی۔ ایمرجنسی ہیلپ لائن 15 پر کال آنے کے بعد پولیس نے عوامی خدمت کی ایک اور مثال قائم کرتے (بقیہ نمبر 8)

ٹیکس چوروں کے بجلی و گیس کنکشنز منقطع کرنے کا فیصلہ موخر

نان فائلرز کے خلاف انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 114B کے تحت کارروائی کی جانی تھی

نان فائلرز کے خلاف ایکشن لینے سے قبل انکم ٹیکس جنرل آرڈر تیار نہیں کیا جا سکا

اسلام آباد (بیورو چیف) ایف بی آر نے ٹیکس چوروں کے بجلی و گیس کے کنکشنز منقطع اور موبائل سمز بلاک کرنے کا فیصلہ موخر کر دیا۔ ذرائع ایف بی آر کے مطابق نان فائلرز کے خلاف انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی شق 114B کے تحت کارروائی کی جانی تھی، نان فائلرز کے خلاف ایکشن لینے سے قبل انکم ٹیکس جنرل آرڈر تیار نہیں کیا جا سکا۔ ذرائع کا مزید کہنا تھا کہ فائلرز کے (بقیہ نمبر 11)

مریم نواز اپنے انتخابی حلقہ پی پی 159 میں انتخابی مہم کے آغاز پر کارکنوں سے خطاب کر رہی ہیں

پاک فضائیہ کی دشمن کے ارادوں کو مات

پاک فضائیہ نے خود کو ایک طاقتور قوت کے طور پر مستحکم کرنے اور خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے ایک جامع حکمت عملی اپنائی ہے

جدید ترین انٹیگریٹڈ فضائی دفاعی نظام، ایئر موبیلیٹی پلیٹ فارمز، HIMADS اور ہائپرسونک میزائلوں کی صلاحیتوں کی شمولیت سے پاکستان کے دفاع کو تقویت ملی ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ نے سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو کی بصیرت انگیز قیادت میں دشمنان پاکستان کو تزویراتی مات دے دی۔ پاک فضائیہ نے موجودہ بین الاقوامی اسٹریٹجک خطرات کے پیش نظر بین الاقوامی سطح پر نئے ابھرتے ہوئے خطرات کا مقابلہ کرنے کے لیے دوست ممالک سے جدید نظام کے حصول اور خود انحصاری کے فروغ (بقیہ نمبر 15)

فلسطین میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار

مشعال حسین ملک کی سربراہی میں فلسطینی مشاورتی کمیٹی کا قیام عمل میں لایا گیا، کمیٹی فلسطینیوں کی مدد اور ان کے درد کو کم کرنے پر کام کرے گی

معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال ملک نے فلسطین میں انسانی حقوق کی صورتحال کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک نے فلسطین میں انسانی حقوق کی صورتحال کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں موجودہ انسانی بحرانوں کا سامنا کرنے والے فلسطینیوں کی مدد کے طریقوں پر غور و خوض کیا گیا۔ ملاقات میں پاکستان میں جنوبی افریقہ کے ہائی کمشنر متھوزل مدیکیزا، پاکستان میں فلسطین کے سفیر احمد جواد ربیعی، ڈپٹی ہیڈ (بقیہ نمبر 4)

وزیراعظم کی معاون خصوصی برائے انسانی حقوق و ترقی نسواں مشعال حسین ملک فلسطین میں انسانی حقوق کی صورتحال کے حوالے سے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کر رہی ہیں

سربراہ پاک فضائیہ سے امریکی سفیر کی ملاقات

معززین نے دونوں ممالک کی فضائی افواج کے مابین مشترکہ فضائی مشقوں کے ذریعے تعاون اور تربیتی شعبے کو فروغ دینے پر اتفاق کیا

دونوں اتحادی ممالک کے درمیان پہلے سے موجود ہم آہنگی اور شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے اپنے بھرپور عزم کا اعادہ کیا

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) امریکی سفیر جناب ڈونلڈ بلوم نے آج سربراہ پاک فضائیہ، ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، سے ان کے دفتر میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران معززین نے دونوں ممالک کی فضائی افواج کے مابین مشترکہ فضائی مشقوں کے ذریعے تعاون اور تربیتی شعبے کو فروغ دینے پر اتفاق کیا۔ مزید برآں، انہوں نے پاک فضائیہ اور امریکی فضائیہ کے مابین تربیتی شعبے کے فروغ کے لیے تکنیکی صلاحیتوں اور وفود کے تبادلے کی اہمیت پر بھی زور دیا۔ ملاقات میں پاک فضائیہ کی جانب سے حال ہی میں قائم کردہ (بقیہ نمبر 20)

پاک فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو سے امریکی سفیر ڈونلڈ بلوم ملاقات کر رہے ہیں

جنرل اور گنگارام ہسپتال کی اپ گریڈیشن جلد مکمل کرنے کا حکم

محسن نقوی کا رات گئے گنگارام، جنرل ہسپتال کا 3 گھنٹے طویل دورہ، کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا

لاہور (این این آئی) نگران وزیراعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جنرل ہسپتال اور گنگارام ہسپتال کی اپ گریڈیشن کا کام جلد از جلد مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ وزیراعلیٰ محسن نقوی نے رات گئے گنگارام ہسپتال اور جنرل ہسپتال کا 3 گھنٹے طویل دورہ (بقیہ نمبر 26)

استحکام پاکستان پارٹی کے سینئر نائب صدر حلقہ این اے 97 سے امیدوار قومی اسمبلی ہمایوں اختر کارنر میٹنگ سے خطاب کر رہے ہیں

پی ٹی آئی وکیل شعیب شاہین کی الیکشن کمیشن کے ممبران سے تلخ کلامی

اسلام آباد (این این آئی) توہین الیکشن کمیشن اور چیف الیکشن کمشنر کیسز کی سماعت کے دوران تحریک انصاف کے وکیل شعیب شاہین کی الیکشن کمیشن کے ممبران سے تلخ کلامی ہوگئی۔ بانی پی ٹی آئی اور فواد چوہدری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن اور چیف الیکشن کمشنر کیسز کی سماعت کے دوران پی ٹی آئی کے وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ ہمیں نوٹس ہی نہیں ملا، صبح ٹی وی سے معلوم ہوا کہ سماعت ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے سوال کیا کہ ڈی ڈی لاء آپ نے نوٹس (بقیہ نمبر 21)

3 اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری

تعیناتی کے منتظر سلمان خان کو ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ تعینات کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے 3 اعلیٰ افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے۔ ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ زراعت محمد شبیر احمد خان کو محکمہ سروسز رپورٹ کرنے کی ہدایت، ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ میاں عبدالقادر شاہ کو تبدیل کر کے ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ زراعت تعینات اور تعیناتی کے منتظر سلمان خان کو ایڈیشنل سیکرٹری محکمہ خزانہ تعینات کر دیا گیا۔

لاہور میں مبینہ پولیس مقابلہ، 2 ملزمان ہلاک

ملزمان قاسم اور ریاض اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر ہلاک ہوئے، پولیس

لاہور (این این آئی) لاہور کے علاقہ شاد باغ میں مبینہ پولیس مقابلے کے دوران 2 ملزمان ہلاک ہوگئے۔ پولیس کے مطابق قتل کے مقدمہ کے 2 ملزمان کو (بقیہ نمبر 22)

پنجاب میں دھند کے باعث راستے دھندلا گئے، متعدد موٹر وے بند

موٹر ویز کو عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر یقینی بنانے کے لئے بند کیا جاتا ہے، ترجمان

لاہور (این این آئی) پنجاب کے میدانی علاقوں میں شدید دھند کے باعث راستے دھندلا گئے، شدید دھند کے باعث حد نگاہ کم ہونے پر موٹر ویز کو مختلف مقامات سے بند کر دیا گیا، قومی شاہراہوں پر بھی ٹریفک کی روانی متاثر رہی۔ ترجمان موٹر وے کے (بقیہ نمبر 23)

مسلم لیگ کے چیف آرگنائزر چوہدری سرور لاہور کے جنرل سیکرٹری ندیم پہلوان سے ملاقات کر رہے ہیں

مسلم لیگ ن کا ضلعی عہدیدار پیپلز پارٹی میں شامل

میر طارق کے شفاف کردار نے مجھے پیپلز پارٹی میں آنے پر مجبور کیا، عاطف جمیل

ڈگری (محمد عاصم آرائیں) مسلم لیگ ن کا ضلعی عہدیدار پیپلز پارٹی میں شامل، میر منور. تالپور اور میر. طارق. تالپور کے سامنے شمولیت کا اعلان کیا میر طارق کے شفاف کردار نے مجھے پیپلز پارٹی میں آنے پر مجبور کیا تفصیلات کے مطابق مسلم لیگ ن کے ضلعی سینئر نائب صدر وسندھ کونسل کے میمبر عاطف جمیل نے ڈگری میں اپنی رہائش گاہ میں (بقیہ نمبر 24)

راجہ پرویز اشرف پر الزام تراشی کرنا اور چاند پر تھکنے کے برابر ہے

سیاسی بونے اپنی شکست دیکھ کر منفی بے بنیاد الزامات لگا رہے ہیں، محسن صغیر بھٹی

گوجرخان (قمر شہزاد) سابق وزیراعظم پاکستان موجودہ اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کو شہیدوں غازیوں کی سرزمین گوجرخان کی غیور عوام نے وہ عزت مقام اور محبتوں سے نوازا اس پہلے کسی سیاسی لیڈر کو نہیں ملا سیاسی بونے اپنی شکست دیکھ کر منفی بے بنیاد الزامات لگانے کی کوشش کر کے اپنا سیاسی قد کاٹھ بڑھنے کی کوشش کر رہے ہیں گوجر (بقیہ نمبر 25)

سرگودھا عوام دوست گروپ
کے زیر اہتمام
کارنر میٹنگ و ظہرانہ
بسلسلہ جنرل الیکشن 2024
Ex(MPA)
چوہدری حامد حمید
خادم سرگودھا
MNA NA-84
مہمان خصوصی
سرگودھا کی غیور عوام
مرزا محمد الیاس
خادم سرگودھا
MPA PP-75
مورخہ 17-01-2024 بروز بدھ
01:00 بجے دن
بمقام
چوہدری عبدالحمید پبلک سیکرٹریٹ بلاک نمبر 25 سرگودھا

نصرٌ من اللہ و فتحٌ قریب
آزاد امیدوار
برائے
قومی اسمبلی
انشاءاللہ
MNA
NA-84
سابقہ وفاقی وزیر مملکت
چوہدری حامد حمید صاحب
منجانب
محمد فیصل ندیم
ایڈیٹر انچیف
عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
www.awamilalkaar.com awamilalkaar awamilalkaar awamilalkaar

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار MEMBER WUOJ
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

انتخابات کے التوا کیلئے سینٹ میں تیسری قرارداد

عام انتخابات ملتوی کرانے کے لیے سینیٹ سیکریٹریٹ میں ایک اور قرارداد جمع کرادی گئی۔ آزاد گروپ کے سینٹر ہلال الرحمان کی جانب سے جمع کرائی گئی قرارداد میں کہا گیا ہے کہ خیبر پختونخوا میں سیکیورٹی خدشات کے باعث امیدواروں کو انتخابی مہم کے دوران دہشت گردوں کے حملے کا خدشہ ہے۔ مزید برآں شدید سردی بھی ہے لہذٰا عام انتخابات کو 8 فروری کے بجائے موزوں تاریخ تک ملتوی کیا جائے۔

گذشتہ ہفتے انتخابات کے التوا کے لیے اچانک سے ایک قرارداد جمع کرواکر 12 سینیٹرز کی موجودگی میں منظور کروالی گئی۔ اس کی ہر پارٹی کی طرف سے بعد از منظوری مخالفت کی گئی۔ اب جو قراردا جمع کروائی گئی ہے اس سمیت انتخابات سے متعلق جمع قراردادوں کی تعداد 3 ہوگئی ہے جس میں انتخابات ملتوی کروانے سے متعلق دو قراردادیں ہیں جبکہ وقت پر انتخابات کروانے کی قرارداد جماعت اسلامی کی جانب سے جمع کراوئی گئی ہے۔ سینٹ سیکرٹریٹ میں انتخابات کے التوا کے لیے دو قراردادیں پڑی ہوئی ہیں جن لوگوں کی طرف سے یہ قراردادیں پیش کی گئی ہیں یہ دیدہ دلیری کے مترادف ہے۔ سپریم کورٹ کے واضح احکامات موجود ہیں کہ ہر صورت انتخابات آٹھ فروری کو ہوں گے اور اس حوالے سے شکوک وشبہات کا اظہار کرنے والوں کے خلاف بھی کاروائی ہو سکتی ہے۔ اب تک سوائے اب سوائے پولنگ کے، باقی سارا انتخابی عمل مکمل ہو چکا ہے۔ امیدواروں کو انتخابی نشان الاٹ ہو چکے ہیں فائنل لسٹیں جاری کردی گئی ہیں۔ ان حالات میں وہ کون سی قوتیں ہیں جو انتخابات کو رکوانا اور انتخابی عمل کو سبوتاژ کرنا چاہتی ہیں۔ ان کا بے نقاب ہونا وقت کا تقاضہ ہے۔ انتخابات کے بروقت انعقاد کے لیے جماعت اسلامی کی قرارداد بھی پڑی ہوئی ہے۔ اس پر ووٹنگ کروالی جائے اور سینٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتیں اس امر کو یقینی بنائیں کہ ان کے تمام سینیٹرز ایوان میں موجود ہوں۔ 10 بارہ لوگوں کی موجودگی میں انتخابات مؤخر کرنے کی قرارداد پیش کرنا اور اسے منظور کرلینا مذاق سے زیادہ کچھ نہیں ہے۔ سوال تو یہ بھی پیدا ہوتا ہے کہ جو پارٹیاں اس قرارداد کی مخالفت کررہی ہیں ان کے ارکان موجود تھے لیکن کسی ایک کی طرف سے بھی کورم کی نشاندہی نہیں کی گئی۔ آٹھ فروری کے انتخابات کے انعقاد کو یقینی بنانے اور اس کے خلاف پس پردہ ہاتھوں کو بے نقاب کرنے کے لیے جماعت اسلامی کی قرارداد کو منظور کرانا اور انتخابات کے التوا کے لیئے پیش کی گئی قراردادوں کو مسترد کرانا ضروری ہے تاکہ شیڈول کے مطابق انتخابات کے انعقاد کے لیئے مزید کسی شک وشبہ کی گنجائش ہی نہ رہے۔

کیانی ویلفیئر ٹرسٹ کا انسانیت کی خدمات کا سلسلہ جاری

کالم نگار۔۔۔ہادیہ علی

سال 2023 میں انسانیت کی خدمت کرنے کے بعد اب سال 2024 میں بھی کیانی ویلفیئر ٹرسٹ کے بانی راجہ حسن کیانی پرعزم ہیں کہ وہ پچھلے سال کی طرح اس سال بھی انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار رہیں گے اور پرامید ہیں کے تمام لوگ اور خاص طور پر نوجوان انسانیت کی خدمت کے اس مشن میں ان کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں گے۔ اس سے قبل کیانی ویلفیئر ٹرسٹ گزشتہ سال غریب اور مستحق عوام کے لیے بہت سے اقدامات کرچکی ہے جن میں پانی کے پمپ، راشن کی تقسیم، کھانے کی تقسیم، کپڑوں کی تقسیم، نابینا اور یتیم بچوں کی مدد سمیت کئی کام شامل ہیں۔ امید ہے کہ پچھلے سال کی طرح اس سال بھی کیانی ویلفیئر ٹرسٹ انسانیت کی خدمت کے جذبے سے سرشار رہے گی۔

جدت پسندی کے خول میں لپٹی سماجی زندگی

چمن کی فکر
فخرالزمان سرحدی
Fakharzaman085@gmail.com

پیارے قارئین! گلشن زندگی میں بہار کا پہلو بہت اہم تصور ہوتا ہے اور یہ تصور بہتر تعلیم وتربیت سے حسن معنی کا روپ اختیار کرتا ہے۔ مسرتوں کے پھول تبھی کھلتے ہیں جب اطمینان کی کیفیت پیدا ہو۔ معاشرہ چونکہ افراد سے بنتا ہے اور افراد مل جل کر رہتے ہیں۔ ایک دوسرے کے دکھ درد میں شریک رہنا اور عزت و آبرو کا احترام کرنا بہترین سماجی زندگی کے تصور کو پختہ کرتا ہے۔ اس ضمن میں جو عرض کرنا مقصود ہے وہ یہی ہے کہ اس وقت جدت پسندی کے رجحان میں انسانیت غرق ہے۔ جن آداب زندگی میں ہماری کامیابی کا راز پوشیدہ ہے ان پر عمل کرنے کی بجا؟ عصر نو کی بھول بھلیوں میں کامیابی کی امید لگانا فضول ہے۔ بقول شاعر:۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری

جب تک اسلام کی ضیا پاشیوں سے لطف اندوزی نہیں ہوتی اس وقت تک چین اور اطمینان کی دولت حاصل نہیں ہوتی۔ قرآن مجید ایک ایسی جامع کتاب ہے جس میں انسانیت کی رہنمائی کے لیے رب کریم کی طرف سے ہدایات موجود ہیں۔ اس وقت المیہ یہی ہے کہ جدید ایجادات نے انسان کی توجہ ایسے مواد پر مرکوز کردی ہے جس میں کامیابی ڈوبتے سورج کی طرح محسوس ہوتی ہے۔ اس میں یہ حقیقت بھی کارفرما ہے کہ انسانیت کے تقاضے جو معلم انسانیت نے احکام ربانی کی صورت میں پیش فرما؟ ان پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ بقول اقبال:۔

کبھی اے نوجوان مسلم تدبر کیا بھی تو نے
وہ کیا گردوں تھا جس کا ہے تو اک ٹوٹا ہوا تارا

اس حقیقت کو کبھی فراموش نہیں کیا جاسکتا کہ جب تک زندگی اسلامی اصولوں اور آداب کے مطابق بسر نہیں ہوتی کامیابی ناممکنات میں شمار ہوتی ہے۔ نوجوان نسل کی مکمل رہنمائی کی ضرورت ہے۔ تاکہ عملی زندگی میں کامیابی حاصل کرسکیں۔ زندگی کا تصور ان کے ذہن نشین کرنا ضروری ہے بصورت دیگر سماجی زندگی جدت پسندی کے خول میں لپٹی تباہی وبربادی کی تصویر بن جا؟ گی۔ والدین اور اساتذہ کی ذمہ داریوں میں یہ بات سرفہرست شمار ہوتی ہے کہ تعلیم وتربیت ایسے خطوط پر کریں جن سے حیات انسانی میں ایک پربہار موسم پیدا ہو۔ انسانیت کا احترام اور اخلاقیات کا بھرم باقی رہے۔ معاشرتی زندگی کا شیرازہ اس وقت بکھر جاتا ہے جب نفرتوں کی دیواریں بلند ہوں۔ نفرتوں کے دبیز پردوں میں پلنے والی زندگی میں پھول کبھی نہیں کھلتے بلکہ خار ہی پیدا ہوتے ہیں جو سماج کے پیرہن میں سوراخ کرتے ہیں۔ دشمنی کی بھینٹ چڑھتی انسانیت کی مناسب رہنمائی کے پیمانے تو سنہری اصول ہوتے ہیں۔ جن پر عمل پیراء ہو کر کامیابی کی نوید سنی جاسکتی ہے۔ یہ حقیقت روز روشن کی طرح عیاں بھی ہے کہ بقول شاعر:۔

ذرا نم ہو تو مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

بہتر تعلیم وتربیت سے ہی سماجی زندگی کے روپ میں خوبصورتی پیدا کی جاسکتی ہے۔ اور اس گلشن حیات میں رونق اور بہار پیدا کی جا سکتی ہے۔ ضرورت فقط مثبت طرز عمل اور کردار کی ہے۔

''شریکِ جرم نہ ہوتے تو مخبری کرتے۔''

آزاد گروپ کی جانب سے سینٹ میں انتخابات کے التواء کیلئے اچانک لائی گئی اور اس سے بھی زیادہ اچانک منظور کرائی گئی قرارداد کے حوالے سے میرا گمان یہی تھا جس کا اظہار میں نے اپنے گزشتہ کالم میں کر بھی دیا تھا کہ جب تک ''متعلقین'' کو یقین نہیں ہو جاتا کہ پی ٹی آئی اور اسکی قیادت انتخابی میدان میں موجود نہیں رہی' اس وقت تک چیف جسٹس کے ''پتھر پر لکیر'' کہنے کے باوجود انتخابات کے 8 فروری کو شیڈول کے مطابق انعقاد پر سوالیہ نشان موجود رہے گا۔ ''متعلقین'' کی جانب سے یقیناً بندوبست تو سارا اسی حکمت عملی کے تابع ہوا اور اپنے خلاف اس حکمت عملی کی نوبت لانے والی بھی خود پی ٹی آئی اور اسکی قیادت ہے جس نے ریاستی اداروں کو گالم گلوچ کرتے اور دھمکیاں دیتے ہوئے رگیدنا اپنی عوامی مقبولیت کی سیڑھی بنایا۔ ریاستی اداروں بالخصوص افواج پاکستان کے ساتھ 9 مئی جیسے کھلواڑ کی نوبت لائے' قومی پرچم کی توہین وتضحیک کی' پاکستان پر دشمن کی جانب سے ایٹم بم گرانے کی خواہش کا اظہار کیا اور اقتدار میں عمران خان نہیں تو کچھ بھی نہیں والی سوچ کے تحت عدلیہ اور فوج سمیت تمام ریاستی اداروں میں تقسیم پیدا کرکے انہیں کمزور کرنے کی سازش کی۔ اور پھر جیل میں پڑے ہوئے بھی منہ پر ہاتھ پھیر کر یہ دھمکی نما بڑ ماری کہ مجھے جیل سے باہر آنے دو' میں ایک ایک کرکے سب کا حساب برابر کروں گا' سب پر دفعہ چھ لگاؤں گا۔ تو پھر جناب! ''آبیل مجھے مار'' والی سوچ نے پی ٹی آئی اور اسکی قیادت کو یہی دن دکھانے تھے جن کا آج انتخابی میدان میں انہیں سامنا ہے۔

آپ ہر قاعدے' قانون کو ''مدھول'' کرکے محض عوامی مقبولیت کے زعم میں ریاستی اداروں کیخلاف اودھم مچانا شروع کردیں اور اپنی ارض وطن کی حرمت وتقدیس اور بقاء وسلامتی کو بھی اپنے سیاسی ایجنڈے کے سامنے ہیچ سمجھنے لگیں تو جائز تو کجا' ناجائز طریقے سے بھی آپ کیلئے اقتدار اور اقتداری سیاست کا راستہ بند کرنے کا جواز نکل آتا ہے۔ اور اب تو عدلیہ میں آپ کے سیاسی ایجنڈے کی بنیاد پر آئین و قانون کو موم کی ناک بنانے' آئین سازی کا اختیار بھی اپنی جانب منتقل کر لینے اور ہم خیال بنچ کے ذریعے آپ کے اتاولے پن کو خوش آمدید کہہ کر اس کیلئے راستے نکالنے اور فضا ہموار کرنیوالا سازگار ماحول بھی موجود نہیں' پھر بھی آپ کو زعم ہو کہ ''مستند ہے میرا فرمایا ہوا''۔ تو جناب! اس سے بڑی بھول اور کیا ہوسکتی ہے۔ یہ تو سراسر نادانی ہے۔

آپ تو اپنے عہد اقتدار میں بھی اپنی مخالف جماعتوں اور انکی قیادتوں کو چور ڈاکو کہتے ہوئے لٹھ لے کر انکے پیچھے پڑے رہے تو جناب آپ کی 'کلٹ'' سوچ کی بنیاد پر انتخابی میدان میں اٹھائے جانیوالے طوفان بدتمیزی سے اپنا دامن بچانے کیلئے آپ کی مخالف ان جماعتوں اور انکی قیادتوں کی جانب سے ہر جائز' ناجائز طریقے سے آپ کا راستہ روکنا یا اس کیلئے متعلقہ ریاستی اداروں کی معاونت کرنا بھی ان کی مجبوری بن گیا۔

میرے ذہن میں اس حوالے سے کوئی ابہام نہیں کہ پی ٹی آئی کے بانی قائد کو قانون و انصاف کی عملداری کے تحت ہی عدالتی ریلیف نہیں ملا کیونکہ ان کیخلاف سنگین نوعیت کے جو مقدمات درج اور دائر ہوئے ہیں' وہی انکی ضمانت پر رہائی کے آگے رکاوٹ بنے ہیں۔ یہ مقدمات سیاسی نہیں' فوجداری ہیں جو انکے ساتھ قانون کے مطابق انصاف کے متقاضی ہیں۔ اور پھر پی ٹی آئی کی بطور پارٹی رجسٹریشن اور اسکے انتخابی نشان کی واپسی بھی کسی سیاست کے تحت نہیں بلکہ قانون کے عین مطابق ہوئی ہے۔ قانون کا تقاضا یہی ہے کہ پارٹی فنڈز اور انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے کسی جماعت میں ہونیوالی بے ضابطگی کی پکڑ الیکشن کمیشن نے ہی کرنی ہے چنانچہ قانونی اختیار کے تحت یہ پکڑ الیکشن کمیشن نے کی تو بلے کے انتخابی نشان کیلئے پشاور ہائیکورٹ کا عبوری ریلیف دینا بھی کسی کام نہ آیا کیونکہ سپریم کورٹ میں انٹرا پارٹی انتخابات کے حوالے سے پی ٹی آئی میں ہونیوالی ساری بے ضابطگیاں ثابت ہوگئیں۔ پھر سپریم کورٹ میں، جہاں اب آئین وقانون کا اور انصاف کی عملداری کا ڈنکا بج رہا ہے' قانون کے مطابق ہی فیصلہ آنا تھا۔ اس پر آئین کی دفعہ 17 شق 2 والا ہر شہری کا جماعت سازی والا حق جتانا اور اس پر چائے کے کپ میں طوفان اٹھانا چہ معنی دارد؟ جبکہ آئین کی اسی آرٹیکل میں اور پھر آرٹیکل 19 میں بھی جماعت سازی اور اظہار رائے کی آزادی کو ملک کی سلامتی و خودمختاری' نظریہ پاکستان اور ریاستی اداروں کا احترام ملحوظ خاطر رکھنے کے ساتھ مشروط کرکے ان دونوں معاملات میں شتر بے مہار آزادی کے راستے بند کر دیئے گئے ہیں۔ آپ آئین وقانون اور اداروں کے ساتھ کھلواڑ کرینگے تو آئین و قانون کی متعلقہ شقیں کیا خاموش تماشائی بنی رہیں گی۔

ان ٹھوس حقائق کے باوجود میرا بنیادی تجسس آج یہی ہے کہ پی ٹی آئی کے معاملہ میں جب آئین و قانون کی عملداری کے تمام تقاضے پورے ہو چکے ہیں اور انتخابی میدان میں بطور پارٹی اس کا داخلہ قانونی طور پر بند کردیا گیا ہے تو اب بھی ''متعلقین'' کو آٹھ فروری کے انتخابات کیوں کھٹک رہے ہیں اور ''سنجی'' ہوئی گلیوں میں بھی انتخابات سے گریز کا ماحول بنانے کی کیوں کوشش کی جا رہی ہے۔ انتخابات ملتوی کرانے کیلئے آزاد گروپ کی جانب سے سینٹ میں پہلی اور دوسری قرارداد کے لائے جانے تک تو پی ٹی آئی کے بطور جماعت انتخابی میدان میں موجود ہونے کا متعلقین اور پی ٹی آئی مخالف جماعتوں کو اسکی ''کلٹ'' سیاست کے ساتھ وابستہ خوف برقرار تھا اس لئے پہلی قرارداد ہاؤس میں کورم نہ ہونے کے باوجود پلک جھپکتے منظور بھی ہو گئی اور چیئرمین سینیٹ صادق سنجرانی نے اس قرارداد کی کاپی الیکشن کمیشن کو بھجوانے میں بھی پھرتی دکھادی جبکہ بروقت انتخابات اور جمہوریت کی حامی جماعتوں کو سینیٹ میں اس قرارداد کی مخالفت اور کورم کی نشاندہی کی دانستاً توفیق بھی نہ ہوئی۔ اسی طرح انتخابات کے التواء کی دوسری قرارداد لائے جانے تک بھی پشاور ہائیکورٹ کے فیصلہ کے باعث پی ٹی آئی کے انتخابی میدان میں موجود ہونے کا خوف برقرار تھا اس لئے اس قرارداد پر بھی بروقت انتخابات کا بالاصرار تقاضا کرنے والی سیاسی قیادتوں نے مذمتی سلسلہ جاری کرنے سے گریز کیا مگر بھائی صاحب! اب تو پی ٹی آئی کی بطور پارٹی رجسٹریشن اور اس کا انتخابی نشان منسوخ کئے جانے پر سپریم کورٹ نے مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔ اسکے بعد بھی انتخابی میدان میں پی ٹی آئی کے حوالے سے آخر کونسا خوف لاحق ہے کہ سینیٹ میں انتخابات کے التواء کیلئے تیسری قرارداد لانے کی کی مجبوری لاحق ہوئی۔ کیا اس خوف کے علاوہ بھی انتخابات سے گریز کا کوئی ''بندوبست'' کیا گیا ہے۔ حضور والا۔ آئین اور اسکے تحت قائم سسٹم کے ساتھ کھلواڑ کا اب ماضی جیسا کوئی راستہ تو ہرگز نہیں نکالا جانا چاہیے۔ ایسے کسی بندوبست کے آگے تو یقیناً آئین و جمہوریت کی عملداری کے داعیان نے ہی دیوار بننا ہے۔

اس کیلئے فوری پیش رفت اس طرح ہوسکتی ہے کہ سینیٹ میں موجود تمام سیاسی جماعتیں باہم متفق ہو کر سینیٹ کا فوری اجلاس بلانے کی ریکوزیشن دیں اور اپنے تمام سینیٹرز کو اس اجلاس میں موجود ہونے کا پابند بنائیں اور پھر انتخابات کے التواء کی دونوں قراردادیں بیک آواز مسترد کردیں۔ اور اس کے ساتھ ہی شیڈول کے مطابق انتخابات کے انعقاد کیلئے جماعت اسلامی کی پیش کردہ قرارداد کی بیک آواز منظوری دے دیں۔ اگر متعلقہ سیاسی جماعتوں کی جانب سے ہاؤس کے اندر اب بھی منافقت سے کام لیا جاتا ہے اور سینیٹ کا ہنگامی اجلاس بلانے کی ریکوزیشن دینے سے گریز کیا جاتا ہے تو سمجھ لیجئے کہ جمہوریت گریز عناصر جمہوریت کی داعی سیاسی جماعتوں کی اپنی صفوں میں موجود ہیں۔ گویا۔

''ہمیں پتہ ہے'' لٹیروں'' کے ہر ٹھکانے کا
شریکِ جرم نہ ہوتے تو مخبری کرتے

اناللہ وانا الیہ راجعون۔

گردوں کی بیماری کی بڑی وجہ گوشت کا زیادہ استعمال ہے، طبی ماہرین

لندن (سی ایم لنکس) طبی ماہرین نے کہا ہے کہ گوشت کا بہت زیادہ استعمال گردوں کی بیماریوں کی ایک بڑی وجہ ہے۔ گوشت میں موجود فاسفورس اور پوٹاشیم کی مقدار گردوں کو ناکارہ بنا دیتی ہے اور پتھری پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ گردے کے مریضوں کو گوشت اور اس سے متعلقہ مصنوعات کے استعمال میں بہت زیادہ پرہیز کی ضرورت ہوتی ہے۔ امپیریل کالج لندن کے ماہرین نے اپنی تخلیق میں واضح کیا ہے کہ گردوں کی صفائی کرانے والے مریضوں کو خون میں فاسفیٹ میں اضافے سے متعلق ہوشیار رہنا چاہئے ورنہ اچانک گردے فیل ہونے کے خطرے سے دوچار ہونا پڑے گا جس سے موت بھی واقع ہوسکتی ہے۔ اسی طرح پوٹاشیم کی مقدار میں اضافہ بھی فوری موت کا باعث بن سکتی ہے۔ طبی ماہرین نے گردوں کے مریضوں کو ہدایت کی ہے کہ گوشت کو اچھی طرح پکا کر استعمال کیا جائے ورنہ گردوں کو زیادہ کام کرنا پڑے گا۔

شوبز SHOWBIZ

خدا کی ذات سے احمد علی اکبر کے ساتھ کام کرنے کی دعا مانگی جو قبول ہوئی، ریشم

ہر کوئی پرتعیش زندگی گزارنا چاہتا ہے لیکن مادی چیزیں آپ کو خوشی نہیں دیتیں



لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ ریشم نے کہا ہے کہ میں نے خدا کی ذات سے اداکار احمد علی اکبر کے ساتھ کام کرنے کی دعا مانگی جو قبول ہوئی، فلم ''نجل'' میں میری اور احمد علی اکبر کی کیمسٹری بہت اچھی رہی، ہر کوئی پرتعیش زندگی گزارنا چاہتا ہے لیکن میرے خیال میں مادی چیزیں آپ کو خوشی نہیں دیتیں۔ ایک انٹرویو میں ریشم نے کہا کہ میری پاس بے شمار فلموں میں کام کی پیشکش موجود تھی لیکن مجھے اچھے اسکرپٹ کیلئے 14 سے 15 سال طویل انتظار کرنا پڑا۔ جب مجھے شعیب سلطان نے فلم ''نجل'' میں کام کرنے کی پیشکش کی تو میں نے پوچھا اسکرپٹ کیا ہے۔

فلم انڈسٹری کی بہتری کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی' صائمہ نور

فلم انڈسٹری کی بہتری کیلئے جہاں ضرورت ہوگی میری خدمات حاضر ہیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ صائمہ نور نے کہا کہ فلم انڈسٹری کی بہتری کیلئے مشترکہ جدوجہد کرنی ہوگی، انڈسٹری کو دوبارہ اپنے پاؤں پر کھڑا کرنے کیلئے خالی باتوں کی بجائے عملی اقدامات ناگزیر ہیں۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ جہاں بھی ضرورت ہوئی میں فلم انڈسٹری کی بہتری کیلئے خدمات دوں گی۔ لاہور کی فلم انڈسٹری اردو اور پنجابی فلموں کی پہچان رہی ہے، دلی خواہش ہے کہ وہ دور دوبارہ واپس آئے، مشترکہ جدوجہد سے ہی فلم انڈسٹری دوبارہ فروغ پائے گی۔

فوج میں جانا چاہتا تھا مگر قسمت مجھے شوبز کی دنیا میں لے آئی، شاہد

اپنے دور کی تمام ہیروئن کے ساتھ کام کیا، میری پسندیدہ ہیروئن سنگیتا رہیں



لاہور (این این آئی) فلم انڈسٹری کے سینئر اداکار شاہد نے کہا ہے کہ فلم ''امراؤ جان ادا'' میری سب سے یادگار فلم تھی جس کو بھارت میں بھی کاپی کیا گیا۔ انہوں نے ایک انٹرویو کے دوران کہا کہ میں فوج میں جانا چاہتا تھا مگر قسمت مجھے شوبز کی دنیا میں لے آئی۔ جب شوبز انڈسٹری میں داخل ہوا تو فلم ''آنسو'' میں اداکار ندیم کے بڑے بھائی کا رول ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ میں نے اپنے دور کی تمام ہیروئن کے ساتھ کام کیا لیکن میری پسندیدہ ہیروئن سنگیتا رہیں کیونکہ ان کے ساتھ میری اچھی دوستی بھی تھی جبکہ بابرہ شریف کے ساتھ بھی کام کرنے کا تجربہ خوشگوار رہا۔

میرے سب سے زیادہ مداح پاکستانی ہیں، بالی ووڈ اداکارہ ممتاز

شمی کپور نے شادی کیلئے پرپوز کیا تھا، لیکن میں نے انکار کردیا، اداکارہ ممتاز کا انکشاف



کراچی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف لیجنڈری سپر سٹار ممتاز عسکری بنی سما کی مہمان نیو ئیر اسپیشل شو ودسما میں لیجنڈری، آئیکون اداکارہ و ڈانسر ممتاز عسکری نے شرکت کرکے چار چاند لگا دیئے۔ اداکارہ ممتاز اپنی بہن ملکہ اور سکرٹ رائیٹر مقیم بیگ کے ساتھ 2023 کے آخری دن اپنے پاکستانی مداحوں کو ملنے آئیں، نیو ائیر اسپیشل ودسما میں ہوسٹ اداکار احسن خان کو انٹرویو دیتے ہوئے ممتاز عسکری کا کہنا تھا کہ میرے سب سے زیادہ مداح پاکستانی ہیں، انکی جانب سے ہمیشہ بہت پیار ملا ہے۔ انٹرویو میں سوال کیا گیا کہ آپ پاکستان کے کون سے اداکاروں کیساتھ کام کرنا چاہیں گی۔

ہر کامیاب عورت کے پیچھے ایک مرد کھڑا ہوتا ہے، نین تارا

ممبئی (این این آئی) جنوبی بھارت سے تعلق رکھنے والی تامل، تیلگو اور ملیالم فلموں کی معروف اداکارہ نین تارا نے اپنے نئے برانڈ کی کامیابی پر اپنے شوہر، ہدایتکار وگنیش سیون کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا ہے کہ اس کامیابی میں ان کا کردار قابل تعریف ہے۔ میڈیا سے گفتگو کے دوران 39 سالہ اداکارہ نے کہا کہ یہ کم ہی کہا جاتا ہے کہ کامیاب عورت کے پیچھے ایک مرد کھڑا ہوتا ہے جبکہ اس کے برخلاف یہ زیادہ کہتے ہیں کہ ہر کامیاب مرد کے پیچھے ایک عورت کا ہاتھ ہوتا ہے۔ نین تارا نے کہا کہ آج وہ جس مقام پر ہیں اس کے حصول میں ان کے شوہر نے کافی مدد کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وہ اپنے مستقبل کے شوہر وگنیش سے انکی ہدایتکاری میں بننے والی ایک فلم کے سیٹ پر 2015 میں ملیں جس کے بعد 2022 میں شادی ہوئی۔

غفلت سے بچے ٹریک سے اتر جاتے ہیں، ندا یاسر

بچوں کی پرورش میں ماں، باپ کا سب سے بڑا ہاتھ ہوتا ہے

لاہور (این این آئی) میزبان و اداکارہ ندا یاسر نے کہا ہے کہ بچوں کی پرورش میں ماں اور باپ کا سب سے بڑا ہاتھ ہوتا ہے، جو بھی اپنی ذمہ داریوں سے غفلت اختیار کرتا ہے تو بچے اپنے اصل ٹریک سے اتر جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ماں بچوں کی پرورش میں بہت اہم کردار ادا کرتی ہے اور یہ اس کا فرض بھی ہے مگر اس کے ساتھ باپ کو بھی اپنے بچوں کی تعلیم و تربیت پر بھرپور دلچسپی لینی چاہیے۔ جب میاں بیوی مل کر بچوں کی پرورش کرتے ہیں تو ان میں خوداعتمادی آتی ہے اور وہ بڑے ہو کر معاشرے میں ایک اچھے شہری کا کردار ادا کر سکتے ہیں۔ ندا یاسر نے کہا کہ تمام والدین کو اپنے بچوں کی پرورش پر خصوصی توجہ دینے کے ساتھ ان سے دوستانہ رویہ بھی رکھنا چاہیے۔

شہرت ملنے پر کبھی تکبر نہیں کیا، پہلے سے بھی زیادہ عاجزی آئی' نیلم منیر

جس اسکرپٹ میں میرے لئے کردار میں مارجن ہو اس میں کام کرتی ہوں

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ نیلم منیر نے کہا ہے کہ شہرت ملنے پر کبھی تکبر نہیں کیا بلکہ میرے اندر پہلے سے بھی زیادہ عاجزی آئی ہے، مجھے انا پرست لوگوں سے سخت چڑ ہے۔ ایک انٹرویو میں اداکارہ نے کہا کہ ایسا نہیں ہے کہ جو بھی اسکرپٹ ملا بغیر دیکھے سائن کرلیا بلکہ پہلے اسے دیکھتی ہوں اور اپنے قریبی دوستوں سے مشاورت بھی کرتی ہوں۔ اگر مجھے یہ مشورہ ملے کہ اس میں میرے کردار میں مارجن ہے تو میں کام کرتی ہوں۔ نیلم منیر نے کہا کہ شہرت تو مل جاتی ہے لیکن اسے برقرار رکھنا مشکل کام ہے، بعض لوگوں میں غرور اور تکبر آ جاتا ہے اور یہیں سے ان کا زوال کا آغاز ہوتا ہے۔

سپورٹس SPORTS

نیوزی لینڈ اور پاکستان کا تیسرا ٹی ٹونٹی میچ (آج) کھیلا جائے گا

نیوزی لینڈ کو پانچ ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز میں 0-2 کی برتری حاصل

ڈونیڈن (این این آئی) نیوزی لینڈ اور پاکستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پانچ بین الاقوامی ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا میچ (آج) بدھ یونیورسٹی اوول، ڈونیڈن میں کھیلا جائے گا۔ میزبان نیوزی لینڈ کو پاکستان کے خلاف پانچ ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز میں 0-2 کی برتری حاصل ہے۔ کیوی ٹیم نے پہلے ٹی ٹونٹی میچ میں گرین شرٹس کو 46 رنز سے شکست دی تھی جبکہ دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں 21 رنز سے ہرایا تھا۔ پاکستان اور نیوزی لینڈ کے درمیان 5 ٹی ٹونٹی میچز پر مشتمل سیریز نیوزی لینڈ میں شیڈول ہیں جس کے دو میچز کھیلے جا چکے ہیں۔ دونوں ٹیموں کے درمیان تیسرا ٹی ٹونٹی میچ 17 جنوری کو ڈونیڈن میں کھیلا جائے گا۔ پاکستان ٹیم کو مایہ ناز آل راؤنڈر شاہین شاہ آفریدی لیڈ کریں گے جبکہ میزبان کیوی ٹیم کو مایہ ناز بلے باز کین ولیم سن لیڈ کررہے تھے تاہم وہ پاکستان کے خلاف دوسرے ٹی ٹونٹی میچ کے دوران ہیمسٹرنگ انجری کا شکار ہوگئے تھے۔ پانچ میچوں کی سیریز کا تیسرا میچ 17 جنوری کو ڈونیڈن میں کھیلا جائے گا، چوتھا ٹی ٹونٹی میچ 19 جنوری کو کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا جبکہ پانچواں اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 21 جنوری کو کرائسٹ چرچ میں کھیلا جائے گا۔

ڈینیئل مدویدیف کا آسٹریلین اوپن ٹینس مینز سنگلز کا فاتحانہ آغاز

میلبورن (این این آئی) روس کے نامور ٹینس سٹار اور ایونٹ کے تھرڈ سیڈڈ ڈینیئل مدویدیف اور ناروے کے ٹینس کھلاڑی کیسپر رڈ آسٹریلین اوپن ٹینس ٹورنامنٹ مینز سنگلز مقابلوں میں شاندار فاتحانہ آغاز کرتے ہوئے دوسرے راؤنڈ میں پہنچ گئے۔ 27 سالہ روسی کھلاڑی اور ایونٹ کے تھرڈ سیڈڈ ڈینیئل مدویدیف نے مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کیا۔ انہوں نے میگا ایونٹ میں کوالیفائی کرنے والے فرانسیسی حریف کھلاڑی ٹیرنس اتمانے کو شکست دے کر دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا جبکہ ناروے کے ٹینس کھلاڑی کیسپر رڈ نے ابتدائی راؤنڈ میں ہسپانوی حریف کھلاڑی البرٹ راموس وینولا کو شکست دی۔ آسٹریلیا کے شہر میلبورن نے میں جاری 112 واں میگا ایونٹ میں منگل کو کھیلے گئے مینز سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں روسی کھلاڑی ڈینیئل مدویدیف کو مردوں کے سنگلز مقابلوں کے ابتدائی راؤنڈ میں شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے فرانسیسی حریف کھلاڑی ٹیرنس اتمانے کے خلاف 7-5، 2-6، 6-4، 6-4 اور 0-1 سے برتری تھی کہ حریف فرانسیسی کھلاڑی فٹنس مسائل کے باعث مقابلہ جاری نہ رکھے اور میچ سے دستبردار ہوگئے یوں روسی ڈینیئل مدویدیف نے دوسرے راؤنڈ کے لئے کوالیفائی کیا۔

آسٹریلیا اور ویسٹ انڈیز کی ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ (آج) سے شروع ہوگا

ایڈیلیڈ (این این آئی) آسٹریلیا اور ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان پہلا ٹیسٹ میچ (آج) بدھ سے ایڈیلیڈ اوول، ایڈیلیڈ میں شروع ہوگا۔ اس سے قبل کیرن رولٹن اوول، ایڈیلیڈ، جنوبی آسٹریلیا میں کرکٹ آسٹریلیا الیون اور ویسٹ انڈیز کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان کھیلا گیا تین روزہ وارم اپ میچ ہار جیت کے فیصلے کے بغیر ہی ختم ہوگیا تھا۔ ویسٹ انڈیز کرکٹ ٹیم ان دنوں آسٹریلیا کے دورے پر ہے جہاں وہ میزبان آسٹریلوی ٹیم کے خلاف تین روزہ وارم اپ میچ کے علاوہ دو ٹیسٹ، تین ون ڈے تین ٹی ٹونٹی میچوں کی سیریز کھیلے گی۔ آسٹریلیا کے خلاف ٹیسٹ سیریز میں ویسٹ انڈیز ٹیم کی قیادت مایہ ناز بلے باز کریگ براتھویٹ کریں گے۔ آسٹریلوی ٹیم مایہ ناز آل راؤنڈر پیٹ کمنز کی زیر قیادت میدان میں اترے گی۔ دونوں ٹیموں کے درمیان دو ٹیسٹ میچوں کی سیریز کا پہلا میچ 17 سے 21 جنوری تک ایڈیلیڈ اوول، ایڈیلیڈ میں کھیلا جائے گا جبکہ دوسرا اور آخری ٹیسٹ میچ 25 سے 29 جنوری تک دی گابا برسبین میں کھیلا جائے گا۔

صائم ایوب نے 4 کیچز لے کر قومی ٹیم کے لیے نیا ریکارڈ بنا دیا

ایک میچ میں پاکستان کی جانب سے سب سے زیادہ کیچ کرنے والے فیلڈر بن گئے



آکلینڈ (این این آئی) پاکستان کے صائم ایوب نے میچ میں 4 کیچز لے کر قومی ٹیم کیلئے نیا ریکارڈ بنا دیا۔ وہ ایک میچ میں پاکستان کی جانب سے سب سے زیادہ کیچ کرنے والے فیلڈر بن گئے، عالمی ریکارڈ میچ میں پانچ کیچز کا ہے۔ میچ میں کیوی کپتان کین ولیمسن خوش قسمت رہے، پہلے بابر اعظم نے کیچ گرایا اور پھر افتخار کیچ نہ تھام سکے۔ دوسری طرف پاکستان کی بیٹنگ شروع ہوئی تو صائم ایوب اور محمد رضوان پر بھی قسمت مہربان رہی۔ میچ میں صائم ایوب نے 4 کیچز کیے، جو ایک ٹی 20 انٹرنیشنل میچ میں کسی بھی پاکستانی فیلڈر کا نیا ریکارڈ ہے۔

بھارت اور افغانستان کے درمیان تین ٹی ٹونٹی

بنگلورو (این این آئی) بھارت اور افغانستان کی کرکٹ ٹیموں کے درمیان تین بین الاقوامی ٹی ٹونٹی میچوں پر مشتمل سیریز کا تیسرا اور آخری میچ (آج) بدھ کو ایم چناسوامی سٹیڈیم، بنگلورو میں کھیلا جائے گا۔ میچ شام 6 بجکر 30 منٹ پر شروع ہوگا اور فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلا جائے گا۔ بھارت کو افغانستان کے خلاف تین میچوں کی سیریز میں 0-2 کی فیصلہ کن برتری حاصل ہے۔ بھارت نے پہلے ٹی ٹونٹی میچ میں افغانستان کی ٹیم کو 6 وکٹوں سے شکست دی تھی جبکہ میزبان ٹیم نے دوسرے ٹی ٹونٹی میچ میں بھی افغانستان کی ٹیم کو 6 وکٹوں سے مات دی تھی۔ مایہ ناز بلے باز روہت شرما افغانستان کے خلاف آئندہ تین میچوں کی ٹی ٹونٹی سیریز کے لیے بھارتی ٹیم کی قیادت کررہے ہیں جبکہ دیگر افغانستان کی ٹیم کو ابراہیم زدران لیڈ کررہے ہیں۔ تین میچوں کی سیریز کا تیسرا اور آخری ٹی ٹونٹی میچ 17 جنوری کو بنگلورو میں کھیلا جائے گا۔ شیڈول سیریز کے تینوں میچز نائٹ ہوں گے اور فلڈ لائٹس کی روشنی میں کھیلے جائیں گے۔

پاکستان کو پہلے میچ میں انگلینڈ نے 1-6 گول سے شکست دیدی

پاکستان ہاکی ٹیم دوران میچ ملنے والے چار پینلٹی کارنرز سے بھی کوئی فائدہ نہ اٹھاسکی، رپورٹ

مسقط (این این آئی) اولمپک کوالیفائر ہاکی ایونٹ میں پاکستان کو پہلے میچ میں انگلینڈ نے 1-6 گول سے شکست دیدی، پاکستان کی جانب سے واحد گول عبدالحنان شاہد نے سکور کیا۔ عمان کے شہر مسقط میں جاری اولمپک کوالیفائر ایونٹ میں پاکستان کو اپنے پہلے پول میچ میں انگلینڈ سے ایک کے مقابلہ میں چھ گول سے شکست ہوئی۔ پاکستان ہاکی ٹیم دوران میچ ملنے والے چار پینلٹی کارنرز سے بھی کوئی فائدہ نہ اٹھا سکی جبکہ انگلینڈ ہاکی ٹیم نے دوران میچ 12 پینلٹی کارنرز حاصل کیے۔ انگلینڈ ہاکی ٹیم نے میچ کے ابتداء سے ہی برتری قائم کرلی اور بہتر حکمت عملی سے کھیلتے ہوئے دو پینلٹی کارنرز، ایک پینلٹی سٹروک اور تین فیلڈ گول سکور کیے جبکہ پاکستان کی جانب سے واحد گول عبدالحنان شاہد نے فیلڈ گول کے ذریعہ سکور کیا۔ پاکستان ہاکی ٹیم مینجمنٹ میں ہیڈ کوچ اولمپئن شہناز شیخ، منیجر اولمپئن دلاور حسین، اسسٹنٹ کوچ و کنسلٹنٹ اولمپئن شکیل عباسی شامل ہیں۔

انڈر 19 ورلڈ کپ میں ایسی پرفارمنس دکھانا چاہتا ہوں، علی رضا

ہمیں امید ہے ہم شائقین کی توقعات پر پورا اترتے ہوئے چیمپئن بنیں گے

لاہور (این این آئی) نوجوان باصلاحیت فاسٹ بولر علی رضا نے کہا ہے کہ وہ آئی سی سی انڈر 19 ورلڈ کپ میں ایسی پرفارمنس دکھانے کے لیے پرعزم ہیں جو آنے والے برسوں میں ان کے خواب کی تکمیل میں مدد دے سکے۔ شیخوپورہ شہر سے تعلق رکھنے والے علی رضا نے بی بی سی ڈیجیٹل سے بات کرتے ہوئے کہا کہ کسی بھی مقامی ٹورنامنٹ میں حصہ لینے کے لیے مجھے اپنے خرچ پر قریبی علاقوں میں کھیلنے کے لیے جانا پڑتا تھا تاہم حصہ لینے والی ٹیمیں مجھے موقع نہیں دیتی تھیں لیکن میں ڈٹا رہا اور اپنے موقع کا انتظار کرتا رہا۔ ایک موقع پر مجھے دو اوورز ملے اور میں نے انہیں اپنی صلاحیتوں سے متاثر کیا۔ اس کے بعد میں نے اپنے دوستوں کا اعتماد حاصل کیا اور اکثر مقامی ٹیم کے ٹورنامنٹ جیتے۔ علی رضا کی ہارڈ بال کرکٹ میں آمد اس وقت ہوئی جب ایک دوست نے انہیں ایک سابق فرسٹ کلاس کرکٹر سے رجوع کرنے کا مشورہ دیا جنہوں نے انہیں رانا نوید کرکٹ اکیڈمی شیخوپورہ میں داخل کروا دیا۔ وہاں انہوں نے پاکستان کے سابق ٹیسٹ کرکٹر رانا نوید الحسن سے بھی ملاقات کی جنہوں نے علی رضا کی اس کھیل کو آگے بڑھانے کے سلسلے میں حوصلہ افزائی کی۔ علی لاہور میں نیشنل کرکٹ اکیڈمی میں انڈر 16 کیمپ کے دوران کوچز کی توجہ حاصل کرنے میں کامیاب ہوئے جس کی وجہ سے وہ ایج گروپ کرکٹ میں متعارف ہوئے۔ انہوں نے نیشنل انڈر 16 کپ 2021 کھیلا اور نیشنل انڈر 19 چیمپئن شپ 2022 میں سنٹرل پنجاب بلوز انڈر 19 ٹیم کا حصہ بنے۔

بقیہ 1

طور پر نشاندہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت سرکاری اور نجی شعبے کے ماہرین اور سول سوسائٹی کے افراد کو ایک پلیٹ فارم مہیا کر رہی ہے۔ نگران وفاقی وزیر کا کہنا تھا کہ پاکستان میں جدت کے حامل مقامی حل تیار کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی بہت صلاحیت ہے، سرکاری شعبے کی طرف سے اکثر مسائل کی شناخت تنہا کی جاتی ہے، مسائل سے متعلق یہ کانفرنس زیادہ پائیدار نتائج فراہم کرے گی۔ مرتضیٰ سولنگی کا مزید کہنا تھا کہ حکومت وسائل کی مؤثر تقسیم کیلئے فیصلہ سازی کے کلچر کی بڑھتی ہوئی ضرورت کو تسلیم کرتی ہے، ڈیجیٹل فورم تقسیم کو ختم کرنے، مقامی حکومتوں کو مضبوط بنانے میں مدد فراہم کریگا، قانون کے تحت ہر صوبے میں مقامی حکومتوں کا نظام ضروری ہے۔

بقیہ 2

چیلنج کی تھی۔ عدالت نے اپنے فیصلے میں کہا کہ خاتون امریکا کے ساتھ پاکستانی شہریت بھی رکھتی ہیں، ریکارڈ کے مطابق خلع لینے کے بعد خاتون نے امریکا میں دوسری شادی کرلی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ سندھ ہائیکورٹ کا خلع لینے کے حق میں فیصلہ قانون کے مطابق درست ہے، خلع کے باوجود غیرضروری طور پر سابق اہلیہ کو قانونی چارہ جوئی میں گھسیٹا گیا جب کہ درخواست گزار نے بھی پاکستان میں دوسری شادی کرنے کی کوشش کی۔ عدالتی فیصلے کے مطابق اسلام عورت کو خلع کا حق دیتا ہے اور میاں بیوی میں ہم آہنگی اور خوشی نہ ہو تو اسلام انہیں علیحدگی کی اجازت دیتا ہے۔ عدالت نے دلائل سننے کے بعد خلع کیخلاف پاکستانی شہری کی اپیل خارج کردی۔ واضح رہے کہ درخواست گزار سہیل احمد نے سندھ ہائیکورٹ کا فیصلہ سپریم کورٹ میں چیلنج کیا تھا۔

بقیہ 3

95 کروڑ 75 لاکھ کے فنڈز جاری کر دیے۔ پلاننگ کمیشن کے مطابق این ٹی ڈی سی، پیپکو کے ترقیاتی منصوبوں کیلیے 19ارب، نیشنل ہائی وے اتھارٹی کے لیے 41ارب، واٹر ریسورس ڈویژن کیلیے 38ارب 67 کروڑ، سائنس ٹیکنالوجیکل ریسرچ ڈویژن کیلیے 2ارب 80 کروڑ، ریونیو ڈویژن کیلیے ایک ارب 12 کروڑ، تخفیف غربت ڈویژن کیلیے 17 کروڑ 50لاکھ، پلاننگ کمیشن کیلیے 7ارب 34 کروڑ، ریلویز ڈویژن کیلیے 11ارب 55 کروڑ، پٹرولیم ڈویژن کیلیے 77 کروڑ 77لاکھ، پاکستان نیوکلیئر ریگولیٹری اتھارٹی کیلیے 5 کروڑ 25لاکھ، قومی تاریخی ورثہ ڈویژن کیلیے 25 کروڑ، صحت کی سہولیات بہتر بنانے کیلیے 3ارب 17 کروڑ، نیشنل فوڈ سیکیورٹی ریسرچ ڈویژن کیلیے 3ارب 9 کروڑ، میری ٹائم افیئرز ڈویژن کیلیے ایک ارب 70 کروڑ، لاجسٹک ڈویژن کیلیے 49 کروڑ روپے سمیت مختلف ترقیاتی منصوبوں کیلیے فنڈز جاری کردیے گئے ہیں۔

بقیہ 4

آف مشن نادر الترک۔، معاون خصوصی کی فوکل پرسن محترمہ بین حسین ملک، فلسطینی صحافی جلال القرا، العربی ٹی وی کے صحافی بلال الستال، معاون خصوصی کے مشیر فیصل بابری، الجزیرہ ٹی وی کے پاکستان میں سربراہ عبدالرحمٰن مطر، المیادین ٹی وی کے صحافی بکر یونس، نمائندہ خصوصی ایریا اسٹڈی سینٹر قائداعظم یونیورسٹی ڈاکٹر منور حسین، معاون خصوصی کے مشیر پروفیسر ظفر اقبال سندھو اور معاون خصوصی کے مشیر ڈاکٹر شاہد احمد آفریدی نے اظہار خیال کیا۔ ملاقات میں وزیراعظم کے معاون خصوصی نے فلسطینی مشاورتی کمیٹی کے قیام کا اعلان کیا۔ انہوں نے کہا کہ کمیٹی اسرائیل کے قبضے میں مبتلا فلسطینیوں کے درد کو کم کرنے کے طریقے تلاش کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح آزاد فلسطینی ریاست کے پرزور حامی تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ ریاست پاکستان ہمیشہ فلسطینی تنازعہ کے حوالے سے پالیسی معاملات پر بانی پاکستان کے خیالات و افکار کو مدنظر رکھتی ہے۔ مشعال ملک نے فلسطین میں جاری انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے اس بات پہ حیرت کا اظہار کیا کہ یہ مظالم 21ویں صدی کے جدید دنیا میں ہو رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر روشنی ڈالی کہ اسرائیلی قابض افواج کی جانب سے طاقت کے اندھا دھند استعمال نے فلسطینیوں کو تباہ کن نقصان پہنچایا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صرف گزشتہ تین مہینوں میں اسرائیل کے ہاتھوں 25000 سے زائد فلسطینی شہید، 61000 زخمی، لاکھوں افراد جبری طور پر بے گھر ہوئے اور 70000 عمارتیں مسمار ہو گئیں ہیں۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے فلسطینی عوام کے خلاف اسرائیل کی جانب سے کی جانے والی نسل کشی کو روکنے کے لیے جنوبی افریقہ کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے عالمی عدالت انصاف (آئی سی جے) میں فلسطین کے کاز کی وکالت میں جنوبی افریقہ کو پاکستان کی غیر متزلزل حمایت کا وعدہ کیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ فلسطینی بحران سے نمٹنے کے لیے عالمی اتحاد بہت ضروری ہے۔ انہوں نے دوسری ممالک پر جنوبی افریقہ کے اقدامات کی تقلید پر زور دیا۔ مشعال ملک نے کہا کہ غزہ کی اسرائیلی ناکہ بندی سے فلسطینیوں کو اشیائے ضروریہ جیسے خوراک اور ادویات کی شدید قلت کا سامنا ہے۔ انہوں نے اس انسانی بحران سے نمٹنے میں پاکستان کے کردار پر روشنی ڈالی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی جانب سے غزہ میں متاثرہ لوگوں کو اہم امداد فراہم کرنے کے لیے پہلے ہی متعدد کارگو روانہ کیے جا چکے ہیں۔ وزیراعظم کے معاون خصوصی نے فلسطین اور ہندوستانی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر (IIOJK) کی صورتحال کے درمیان موازنہ کیا۔ انہوں نے کہا کہ دونوں خطوں کے باشندے بنیادی طور پر حق خودارادیت کے لیے اپنی جائز خواہشات کی وجہ سے مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے اس بات پر افسوس کا اظہار کیا کہ بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر کے لوگوں کو بھارتی قابض افواج کی جانب سے انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیوں کا سامنا ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت نے حقیقی اور پرامن کشمیری سیاسی قیادت کو ناحق قید کیا ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر میں ماورائے عدالت قتل کا سلسلہ جاری ہے اور مقبوضہ کشمیر کی سرزمین کشمیریوں کی بے نشان قبروں سے بھری پڑی ہے۔ مشعال ملک نے بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر اور فلسطین کے لوگوں کے درمیان قریبی تعاون کی ضرورت پر زور دیا۔ انہوں نے ایک ایسے پلیٹ فارم بنانے کی اہمیت پر زور دیا جہاں دونوں خطوں کے افراد اپنی آزادی کی جدوجہد کی داستانیں دنیا کو سنا سکے، اپنی الگ ریاستوں کے قیام کے خواہشات کو بیان کر سکے اور ان کو عملی جامہ پہنانے کے طریقوں پر حکمت عملی بنا سکے۔

بقیہ 5

سی پی پی اے (نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی) نیپرا (کو بجلی کی قیمت میں 5روپے 62 پیسے فی یونٹ اضافے کی درخواست دی ہے، سی پی پی اے کی جانب سے نیپرا میں یہ درخواست دسمبر کی فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ کی مد میں جمع کروائی گئی، نیپرا کی طرف سے سی پی پی اے کی درخواست پر سماعت 31 جنوری کو کی جائے گی اور درخواست کی منظوری کی صورت میں صارفین پر 49ارب روپے سے زائد کا بوجھ پڑے گا۔ بتایا جارہا ہے کہ پہلے ہی بجلی صارفین مشکلات کا شکار ہیں کیوں کہ سہ ماہی ایڈجسٹمنٹس کا بوجھ بڑھ کر 8روپے 56 پیسے فی یونٹ تک پہنچ چکا ہے، جس سے صارفین پر بڑھتی قیمتوں کا بوجھ مزید بڑھ گیا، رواں ماہ ڈسکوز صارفین پر 3 مختلف سہ ماہی اور ماہانہ ایڈجسٹمنٹس کا بوجھ ایک ساتھ پڑ جائے گا۔ معلوم ہوا ہے کہ بجلی صارفین پر جنوری کے بلز میں نومبر 2023 کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 4روپے 13 پیسے فی یونٹ کا اضافی بوجھ ڈالا گیا، ایک طرف بجلی صارفین پر سیلز ٹیکس سمیت زیادہ سے زیادہ فی یونٹ بنیادی ٹیرف 50روپے سے زائد لاگو ہے تو وہیں اس مہینے جنوری میں الگ سے ماہانہ اور سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کا بوجھ ڈالا گیا ہے۔ بتایا گیا ہے کہ اس سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ کی وصولی صارفین سے مارچ 2024 تک ہونی ہے جب کہ جولائی تا ستمبر 2023 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں اضافہ فی یونٹ ایک روپے 15 پیسے بنتا ہے، صارفین سے یہ اضافی وصولیاں جنوری تا مارچ 2024 میں کرنے کا منصوبہ ہے۔ مزید یہ کہ صارفین پر جنوری کے بلز میں نومبر 2023 کی ماہانہ فیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں 4روپے 13 پیسے فی یونٹ کا اضافی بوجھ ڈالا گیا، اسی طرح اپریل تا جون 2023 کی سہ ماہی ایڈجسٹمنٹ میں فی یونٹ 3 روپے 28 پیسے فی یونٹ کا اضافہ کیا گیا۔ دوسری طرف ایک سال میں بجلی کمپنیوں کی طرف سے ملازمین کو 10ارب روپے سے زائد کی مفت بجلی دی گئی، جنکوز، ڈسکوز اور این ٹی ڈی سی ملازمین نے بجلی کے 35 کروڑ 56لاکھ سے زائد مفت یونٹ استعمال کیے، ایک سال میں مفت استعمال کیے گئے یونٹس کی مجموعی قیمت 10ارب 48 کروڑ 18لاکھ روپے ہے، مفت بجلی استعمال کرنے والوں میں گریڈ ایک سے 22 تک کے ملازمین شامل ہیں۔

بقیہ 6

کیلئے مؤخر کیا جائے گا۔ ذرائع کے مطابق نگراں وزیراعظم انوار الحق کاکڑ نے متحدہ عرب امارات کے صدر کو خط لکھا تھا، یواے ای سے 2ارب ڈالر کا قرض 23 جنوری تک میچور ہو رہا تھا۔ ذرائع وزارت خزانہ کے مطابق یواے ای کو 1ارب ڈالر پر 3 فیصد اور ایک ارب ڈالر پر 6.5 فیصد منافع ادا کیا جائے گا اس حوالے سے ذرائع نے بتایا کہ وزیراعظم آفس اور وزارت خزانہ کی قرض رول اوور کرانے کے لیے بات چیت جاری ہے۔

بقیہ 7

وزیراعظم پاکستان انوار الحق کاکڑ سمیت عالمی رہنما شریک ہوئے۔ نگراں وزیر آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن ڈاکٹر عمر سیف 15 سے 19 جنوری تک جاری عالمی اقتصادی فورم میں ڈیجیٹل پاکستان برانڈ کو عالمی سطح پر متعارف کرانے کے لیے کوششاں ہیں۔ اس سلسلے میں انہوں نے بین الاقوامی اداروں اور عالمی تنظیمی عہدیداران سے اہم سائیڈ لائن ملاقاتیں کی۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ سیکریٹری جنرل ڈی سی او دیمہ الیحیٰی سے ہونے والی ملاقات میں ڈیجیٹل تعاون پر مفید گفتگو ہوئی۔ ملاقاتوں کے دوران ڈاکٹر سیف کی قطر کے وزیر آئی ٹی محمد بن علی اور روانڈا کی وزیر کمیونیکیشن پاؤلا انگبیری سے دوطرفہ تعاون پر گفتگو ہوئی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان اسٹارٹ اپس فنڈ میں تعاون، رکن ممالک کے مابین مشترکہ کلاؤڈ سروسز پر اہم پیشرفت متوقع ہے جبکہ ڈی سی او ممالک میں مصنوعی ذہانت اور ڈیجیٹل انفراسٹرکچر کے فروغ پر اتفاق کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ گوگل ہاؤس کے دورہ کے دوران نائب صدر بشاد بہزادی سے بھی ملاقات ہوئی۔ جس میں جنریٹو اے آئی ٹیکنالوجی پر تفصیلی گفتگو کی گئی۔ انہوں نے بتایا کہ پاکستان میں سرکاری و نجی سطح پر آرٹیفیشل انٹیلی جنس کے بہتر استعمال کے لیے دوطرفہ تعاون پر اتفاق ہوگیا، وزارت آئی ٹی اور گوگل کے اشتراک سے ملک میں کئی منصوبے جاری ہیں۔ ڈاکٹر عمر سیف نے کہا کہ انفارمیشن اینڈ کمیونیکیشن ٹیکنالوجی میں ڈی سی او ممالک اور گوگل ہر ممکن تعاون کے لیے تیار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فری لانسنگ، اسکل ڈویلپمنٹ اور ای کامرس میں پاکستانی ذہانت کی دنیا معترف ہو رہی ہے۔

بقیہ 8

ہوئے ٹاؤن شپ کے علاقے میں شدید سردی کی وجہ سے بے ہوش ہو جانے والے شخص کی جان بچا لی۔ پولیس کو ہیلپ لائن نمبر پر کال کرنے والے شخص نے اطلاع دی کہ اس کے گھر کے باہر کوئی انجان شخص بے ہوش پڑا ہے۔ سیف سٹی ٹیم نے تھانہ قائداعظم انڈسٹریل اسٹیٹ پولیس کو فوری ریسپانس کرنے کی ہدایات دیں، جس پر پولیس نے بے ہوش شہری کو ریسکیو کیا۔ بے ہوش ہونے والے شہری کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرنے کے بعد گرم کپڑے، کھانا اور چائے دی گئی۔ شہری نے جان بچانے پر سیف سٹی ٹیم اور پولیس کا شکریہ ادا کیا۔

بقیہ 9

بی بی کے واپس جانے پر برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ کمٹمنٹ جو کریں وہ پوری کریں، ملزمہ ابھی عدالت میں موجود تھیں۔ جج قدرت اللہ نے ریمارکس دیے کہ کل بھی وارنٹ جاری کر رہے تھے لیکن لطیف کھوسہ کے احترام میں وارنٹ جاری نہیں کیے۔ عدالت میں موجودگی کے بعد بغیر عدالتی اجازت نکل جانے پر استثنیٰ نہیں ہوتا بلکہ استثنیٰ اس کا ہوتا ہے جو عدالت موجود نہ ہو۔ عدالت نے جیل حکام سے بشریٰ بی بی کی آمد اور روانگی سے متعلق رپورٹ بھی طلب کی۔ عدالت نے استفسار کیا کہ خود چل کر گئیں یا کوئی اٹھا کر لے گیا؟ جیل حکام نے بتایا کہ بشریٰ بی بی 11 بجکر 13 منٹ پر آئیں اور ایک بجکر 42 منٹ پر واپس گئیں، بشریٰ بی بی خود چل کر آئیں اور خود چل کر واپس گئیں۔ دلائل کے بعد عدالت نے چارج شیٹ پڑھی اور ملزمان پر فرد جرم عائد کر دی۔ دوران سماعت، بانی پی ٹی آئی کا کہنا تھا کہ یہ سب لندن معاہدے کے تحت ہے اور 6 سال بعد اسے یاد آیا، جب سافٹ ویئر اپ ڈیٹ ہوا۔ گزشتہ روز، بانی پی ٹی آئی اور بشریٰ بی بی کے خلاف غیر شرعی نکاح کیس میں فرد جرم عائد نہیں ہوسکی تھی اور عدالت نے کارروائی آج تک مؤخر کی تھی۔ دوران سماعت وکلاء صفائی نے عدالت کو بشریٰ بی بی کی آئندہ سماعت پر حاضری کی تحریری یقین دہانی کرائی تھی۔

بقیہ 10

کر چکا تھا جبکہ گیس سیکٹر کا قرض 3 ہزار ارب روپے تک پہنچ چکا تھا، جو کہ مجموعی طور پر 5.73 ہزار ارب روپے بنتے ہیں، اس طرح انرجی سیکٹر کا گردشی قرض پاکستانی معیشت کے مجموعی سائز کے 5.4 فیصد تک پہنچ گیا ہے۔ گردشی قرضوں کو کنٹرول کرنے کیلیے قیمتوں میں اضافے کی غلط پالیسیاں کوئی بہتر نتائج نہیں دے سکی ہے، ان اعداد وشمار نے ورلڈ بینک، آئی ایم ایف اور حکومت کی ٹرائیکا کی پالیسیوں کو غلط ثابت کر دیا ہے، جس میں وہ گورننس کو بہتر بنانے کے بجائے قیمتوں میں اضافہ کر کے گردشی قرضے کنٹرول کرنے کی پالیسی پر عمل پیرا تھے۔ یاد رہے کہ رواں مالی سال کے دوران حکومت بجلی کی قیمتوں میں 8 روپے فی یونٹ جبکہ گیس کی قیمتوں میں 520 فیصد اضافہ کر چکی ہے۔

بقیہ 11

خلاف اقدامات سے ایف بی آر کو عدالتوں سے لیگل ایشوز کا سامنا کرنا پڑ سکتا تھا، یکم مارچ تک ایکٹو ٹیکس پیئرز لسٹ جاری کرنے کے بعد نان فائلرز کے خلاف اقدامات شروع ہو سکتے ہیں۔ ذرائع کے مطابق نان فائلرز کے خلاف سمز بند، کنکشنز منقطع کرنے کے علاوہ پینلٹی عائد کرنے کے اقدامات ہوں گے۔ ذرائع ایف بی آر کا کہنا ہے کہ لیگل ایشوز کے مسائل اور ڈیٹا مکمل نہ ہونے کے باعث نان فائلرز کے خلاف ایکشن نہیں لیا جا سکا، اقدامات کے تحت جون 2024 تک بیس لاکھ تک نئے ٹیکس دہندگان کو ٹیکس نیٹ میں لانے کا ہدف تھا۔

بقیہ 12

گئے۔ ڈی پی او کے مطابق ریموٹ کنٹرول ڈیوائس کے ذریعے دھماکا کیا گیا ہے۔ دھماکے کے بعد زخمیوں کو ڈسٹرکٹ ہیڈ کوارٹرز ہسپتال وانا منتقل کر دیا گیا ہے، جن میں دو کی حالت نازک بتائی جارہی ہے۔ ڈی پی او کے مطابق چند ماہ پہلے ملک حاجی ریز کے گھر کے راستے میں بھی بم نصب کیا گیا تھا۔

بقیہ 13

پابندی کے باوجود چند افسران کی مستقلی کی سمری چیف الیکشن کمشنر کو بھجوائی گئی، چیف الیکشن کمشنر نے صرف اپنے بھتیجے کی مستقلی کو منظور کیا باقی کو مسترد کردیا۔ درخواست میں کہا گیا کہ درخواست گزار نے قانون کے برعکس چیف الیکشن کمشنر کے بھتیجے کو مستقل نہیں کیا، چیئرمین الیکشن کمیشن نے رنجش کی بنا پر درخواست گزار کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن جاری کرایا، عدالت درخواست گزار کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن کالعدم قرار دے۔ عدالت نے وفاقی حکومت کا جاوید بدر کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن معطل کرتے ہوئے آئندہ سماعت پر فریقین سے جواب طلب کرلیا۔

بقیہ 14

احمد اور سجاد علی جو کہ گزشتہ سال بہل کے قریب دوران پولیو ڈیوٹی ٹریفک حادثہ کا شکار ہو کر جان کی بازی ہار گئے تھے ان دونوں جانبحق پولیو ورکرز کے ورثاء کو پانچ پانچ لاکھ روپے کے امدادی چیکس دیئے اور ورثاء سے دلی اظہار ہمدردی کی #

بقیہ 15

کے ذریعے پاک فضائیہ کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیئے اہم اقدامات عمل میں لائے ہیں۔ پاک فضائیہ نے خود کو ایک طاقتور قوت کے طور پر مستحکم کرنے اور خطے میں طاقت کے توازن کو برقرار رکھنے کے لیے ایک جامع حکمت عملی اپنائی ہے۔ سربراہ پاک فضائیہ، ائیر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو، کی قیادت میں پاک فضائیہ ایک 'نیکسٹ جنریشن "ایئر فورس' بن چکی ہے، جس میں جدید ترین ٹیکنالوجیز، حربی آلات اور انسانی وسائل کی شمولیت جبکہ جدید فضائی عسکری چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ایوی ایشن، اسپیس، سائبر، آرٹیفیشل انٹیلیجنس اور انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبوں میں فل اسپیکٹرم کراس ڈومین ملٹی ارینا جنگی تیاریوں کے لیے جدید انفراسٹرکچر کے ساتھ معیاری جے 10- سی لڑاکا طیاروں، بغیر پائلٹ کے اڑنے والے ڈرونز، جدید الیکٹرونک وارفیئر پلیٹ فارمز، فورس ملٹی پلائرز، جدید ترین انٹیگریٹڈ فضائی دفاعی نظام، ایئر موبیلیٹی پلیٹ فارمز، HIMADS اور ہائپرسونک میزائلوں کی صلاحیتوں کی شمولیت سے پاکستان کے دفاع کو تقویت ملی ہے۔ اس تزویراتی کامیابی میں ایک اہم سنگ میل ففتھ جنریشن اسٹیلتھ لڑاکا طیاروں کا حصول ہے، جن کی پاک فضائیہ میں شمولیت کی بنیاد رکھ دی گئی ہے جو ملک کے ناقابل تسخیر دفاع کو یقینی بنانے میں اہم کردار ادا کریں گے۔

بقیہ 16

کرتے ہوئے کہا تھا کہ شیر افضل مروت کے پاس پارٹی کا کوئی عہدہ نہیں، پارٹی ان کے کسی بیان کو اون نہیں کرتی۔ پارٹی ترجمان کی گفتگو پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے شیر افضل مروت نے اپنے ایک بیان میں رؤف حسن کو سازشی قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی کے ترجمان رؤف حسن نے الیکٹرانک میڈیا پر میرے خلاف 4 بار بات کی، رؤف حسن سازشی ہیں اور اکثر پارٹی میں دراڑیں ڈالنے میں مصروف رہتے ہیں۔ شیر افضل مروت نے کہا کہ میرے خلاف یہ مہم سندھ کی کامیاب مہم کو نیچا دکھانے کیلئے شروع ہوئی ہے، میری عمران خان سے درجن بھر وکلا اور بہنوں کے ہمراہ ملاقاتیں ہوئی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ رؤف حسن بانی پی ٹی آئی مخالف صحافیوں کو ٹکٹ دلوانا چاہتے ہیں، انہوں نے پی ٹی آئی اور جے یو آئی شیرانی گروپ الائنس ختم کرایا، رؤف حسن نگران حکومت میں موجود اپنے بھائی فواد حسن فواد کیلئے کام کر رہا ہے۔

بقیہ 17

کرلیا۔ ہائیکورٹ کے جسٹس علی باقر نجفی کی سربراہی میں 3 رکنی بینچ نے سابق وزیراعظم کی درخواست پر سماعت کی۔ سابق چیئرمین پی ٹی آئی کے وکیل نے دلائل دیتے ہوئے موقف اپنایا کہ عمران خان کی سزا معطل ہوچکی ہے، اپیل کرنا ان کا قانونی حق ہے، اپیل کا معاملہ ابھی تک عدالت میں زیر سماعت ہے، سابق چیئرمین پی ٹی آئی الیکشن لڑ سکتے ہیں۔ سابق چیئرمین پی ٹی آئی کے کاغذات نامزدگی مسترد کرنے کے خلاف درخواستوں کی سماعت کے دوران عدالت نے ریمارکس دیئے کہ عدالت نے ہفتے اتوار کو بھی ان کیسز کی وجہ سے چھٹی نہیں کی، جسٹس جواد حسن نے کہا کہ عدالت نان اسٹاپ الیکشن کے کیسز کی سماعت کر رہی ہے، ہفتے اتوار کو نجی مصروفیات کے باوجود ان کیسز کی سماعت کی۔ وکیل سابق چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ اس میں کوئی شک نہیں ہے ہمارے سامنے ساری صورتحال ہے۔ الیکشن کمیشن کے پاس کسی کو نااہل کرنے کا اختیار نہیں ہے، جسٹس علی باقر نجفی نے کہا کہ ہم یہاں ای سی پی کے اختیارات کو نہیں آر او کے فیصلے کے خلاف درخواست سن رہے ہیں، وکیل سابق چیئرمین پی ٹی آئی نے موقف اپنایا کہ عدالت کے پاس سابق چیئرمین پی ٹی آئی کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت دینے کا اختیار ہے۔ دوران سماعت الیکشن کمیشن کے وکیل نے دلائل میں کہا کہ حلقہ بندیاں کرنا الیکشن کمیشن کا اختیار ہے۔ تائید کنندہ اور تصدیق کنندہ کا ایک حلقے سے ہونا قانونی تقاضا ہے۔ تائید کنندہ اور تصدیق کنندہ کا مسئلہ این اے 122 میں ہے۔ عمران خان کے وکیل نے عدالت کو بتایا کہ این اے 89 میانوالی میں یہ الزام نہیں ہے۔ بعدازاں عدالت نے سماعت کچھ دیر کے لیے ملتوی کردی۔ وقفے کے بعد لاہور ہائی کورٹ نے سابق چیئرمین پی ٹی آئی کو الیکشن میں حصہ لینے کی اجازت کی درخواستوں پر سماعت مکمل کرتے ہوئے فیصلہ محفوظ کرلیا۔

بقیہ 18

نون کے امیدوار حلقہ این اے 61 چوہدری فرخ الطاف کی مکمل حمایت کا اعلان کرتے ہوئے کہا کہ چوہدری فرخ الطاف کی شخصیت ضلع جہلم کی پہچان ہے ن لیگ کے ٹکٹ پر منتخب ہو کر علاقائی مسائل کو حل کرنے میں کامیاب ہوں گے۔

بقیہ 19

۔ عمران خان نے کہا کہ لندن پلان کے تحت جمہوریت کو روندا جارہا ہے، انتخابی مہم شروع ہونے کے باوجود لوگوں کو اٹھایا جارہا ہے، 9 مئی واقعات میں عورتوں اور بچوں کو جیلوں میں ڈالا گیا، کیپٹل ہل واقعے میں سی سی ٹی وی کی مدد سے لوگوں کو پکڑا گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ کور کمانڈر ہاوس، اسلام اباد ہائی کورٹ اور جی ایچ کیو کی سی سی ٹی وی فوٹیج کس نے چوری کی، لوگ بے وقوف نہیں وہ جانتے ہیں کہ فوٹیج چوری کرنے کے وسائل کس کے پاس ہیں، 9 مئی لندن پلان معاہدے کا حصہ ہے۔ صحافیوں سے گفتگو کے دوران عمران خان نے کہا کہ لوگوں کو اغوا کر کے تشدد کیا جاتا ہے اور اگر وہ نہیں مانتے تو آئی سی یو پہنچ جاتے ہیں، الیکشن کمیشن، پولیس، وفاقی تحقیقاتی ادارہ (ایف آئی اے) سب لندن معاہدے کا حصہ ہیں۔ بانی چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ پی ٹی آئی کی پہلے اور دوسرے درجے کی قیادت کو اڑا دیا گیا، انتخابی نشان لے لیا گیا لیکن 8 فروری کو انہیں جھٹکا لگنے والا ہے اور یہ ڈرے ہوئے ہیں، عوام کو نہیں روکا جا سکتا اسی لیے یہ ڈرے ہوئے ہیں۔ عمران خان نے کہا کہ پلان سی بھی موجود ہے اور ایک اور پلان بھی بنا ہوا ہے، حکومت گرائے جانے کے باوجود جنرل باجوہ سے مذاکرات کیے، جنرل باجوہ سے کہا تھا کہ فری اینڈ فیئر انتخابات مسائل کا حل ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ جنرل باجوہ نے کہا تھا کہ اچھے غلاموں کی طرح سائفر کی بات نہ کرو ورنہ مقدمات کی بارش ہوگی، کیا حکومت گرانے کی سازش کو بے نقاب کرنا غداری ہے، سیاسی استحکام کے لیے صاف اور شفاف انتخابات ضروری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک صرف سرمایہ کاری سے اس دلدل سے نکل سکتا ہے جو سیاسی استحکام کے بغیر ممکن نہیں ہے، بیرون ملک ایک کروڑ پاکستانی ہیں جن کی سرمایہ کاری سے یہ ملک مستحکم ہوسکتا ہے، ہم کہہ کہہ کر تھک چکے ہیں کہ 9 مئی کے واقعات پر آزادانہ انکوائری کروائی جائے۔ عمران خان کا کہنا تھا کہ فوج کے خلاف کبھی کچھ نہیں کیا، جب مجھ پر گولیاں چلی ہم نے اس وقت بھی کچھ نہیں کیا، کئی لوگوں پر اتنا ظلم کیا گیا کہ وہ پارٹی چھوڑنے پر مجبور ہو گئے اور کئی لوگوں کے پارٹی چھوڑنے پر شکر ادا کیا۔ اس دوران ان کا کہنا تھا کہ بیرسٹر گوہر خان کے گھر کے دروازے توڑ کر بھی گھر میں گھس گئے، شیخ رشید نے بڑا ساتھ دیا، پارٹی کے اندر سے دباؤ تھا کہ جنہوں نے پریس کانفرنس کی انھیں ٹکٹ نہیں دیا جاسکتا۔ سابق وزیراعظم نے کہا کہ میرا یا بشریٰ بی بی کا طاقت ور حلقوں میں کسی سے رابطہ نہیں، چیف الیکشن کمشنر نے وہ حرکتیں کیں جو آج تک کسی نے نہیں کیں، بزدل دشمن کی کوئی اخلاقیات نہیں ہوتیں وہی حرکتیں الیکشن کمیشن نے کی ہیں۔ انھوں نے کہا کہ لوگ جب فیصلہ کر لیتے ہیں تو پھر جو مرضی پروپیگنڈا کیا جائے کامیاب نہیں ہوتا، قانون ہے کہ الیکشن کمیشن نے 90روز میں الیکشن کروانے ہوتے ہیں، دوصوبوں میں حکومتیں تحلیل کیں لیکن 90روز میں الیکشن نہیں ہوئے، اکتوبر میں انتخابات ہونا تھے تب بھی نہیں ہوئے۔

بقیہ 20

ٹیکنو پارکس میں تعاون پر بھی گفتگو ہوئی، جس میں آپریشنل تیاریوں اور کارکردگی کو مزید مستحکم کرنے کے لیے ٹیکنیکی ترقی کو بروئے کار لانے پر اتفاق کیا گیا۔ ملاقات میں باہمی تعلقات کو تقویت دے کر مشترکہ منصوبوں اور تزویراتی شراکت داری کے لیے باہمی تعاون کے دائرہ کار کی تنظیم نو اور اس امر کے لیئے نئی راہیں استوار کرنے پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ ائیر چیف نے پاکستان اور امریکہ کے مابین پہلے سے موجود خوشگوار تعلقات کا احاطہ کرتے ہوئے دونوں اتحادی ممالک کے درمیان پہلے سے موجود ہم آہنگی اور شراکت داری کو نئی بلندیوں تک لے جانے کے اپنے بھرپور عزم کا اعادہ کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ نے مزید کہا کہ "پاکستان امریکہ کے ساتھ اپنے مضبوط سفارتی، اقتصادی اور دفاعی تعلقات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہے جو علاقائی امن، سلامتی اور استحکام سے متعلق تمام اہم امور میں باہمی اتفاق رائے پر قائم ہیں۔" معزز سفیر نے پاک فضائیہ کے اہلکاروں کی پیشہ ورانہ مہارت کی تعریف کی اور موجودہ قیادت کے زیر سایہ پاک فضائیہ کی جانب سے خود انحصاری کے میدان میں کی گئی نمایاں پیش رفت کو سراہا۔ امریکی سفیر نے علاقائی امن و استحکام کے لیے پاکستان کے غیر متزلزل عزم کی بھی تعریف کی۔ فریقین نے تربیتی شعبے کی بہتری اور آپریشنل صلاحیتوں کے فروغ پر خصوصی توجہ مرکوز رکھتے ہوئے دونوں ممالک کے مابین موجودہ عسکری تعلقات کو مزید بہتر بنانے پر اتفاق کیا۔ سربراہ پاک فضائیہ اور امریکی سفیر کے مابین یہ ملاقات دیرینہ دوطرفہ تزویراتی تعلقات اور دفاعی شراکت داری کو مزید مستحکم کرنے میں دونوں فریقین کے عزم کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

بقیہ 21

کیا تھا؟ ڈی جی لاء الیکشن کمیشن نے جواب دیا کہ اُس دن جیل میں تاریخ کا اعلان ہوگیا تھا۔ وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ اس کیس کو ملتوی کر دیں، آپ ہم سے تنقید کا حق بھی چھین رہے ہیں، بلے کا نشان بھی چھین لیا، اب الیکشن کے دنوں میں ہمارے لیڈر پر توہین الیکشن کمیشن کی سزا ہو جائے گی۔ ممبر الیکشن کمیشن نے شعیب شاہین کو جواب دیتے ہوئے کہا کہ ہم نے چھینا نہیں، آپ کو دیا نہیں تھا، اس کیس کو دو سال ہوگئے ہیں، اُس وقت آپ کی حکومت تھی۔ وکیل شعیب شاہین نے کہا کہ اللہ کرے فیصلہ آئین اور قانون کے مطابق ہو، ہمارے اندر لاوا پکا ہوا ہے، ہم اس کا اظہار نہ کریں، رحیم یار خان میں ہمارے وکیلوں پر پرچہ ہوا ہے۔ ممبر الیکشن کمیشن نے کہا کہ آپ کے وکلاء نے حملہ کیا تھا، تنقید ہونی چاہیے، گالی تو نہیں ہونی چاہیے، یہ کیسز 2021 سے پڑے ہیں، آپ نے کیس کو اتنا طول دے دیا، جیل میں جو ہوا اس پر ہم خاموش رہے، جیسے جوابدہ نے جیل میں کیا ایسا ہم نے پہلے نہیں دیکھا، ہم بہت کچھ کر سکتے تھے۔ الیکشن کمیشن نے کیسز کی سماعت 24 جنوری تک ملتوی کردی۔

بقیہ 22

اسلحہ کی برآمدگی کے لیے لے جایا جا رہا تھا کہ ملزمان اپنے ساتھیوں کی مدد سے اسلحہ کے زور پر فرار ہو گئے۔ بھاگتے ہوئے ملزمان نے پولیس سے سرکاری رائفل اور شہری سے موٹر سائیکل بھی چھینی، تعاقب کرنے پر ملزمان نے شاد باغ پولیس ٹیم پر فائرنگ شروع کر دی۔ تاہم ملزمان قاسم اور ریاض اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ کی زد میں آ کر ہلاک ہو گئے، پولیس نے بتایا کہ ہلاک ملزمان ڈکیتی واغوا جیسی سنگین وارداتوں میں ملوث رہ چکے تھے۔

بقیہ 23

مطابق ایم تھری، ایم فور اور ایم فائیو پر دھند کے باعث ٹریفک بندرہی۔ موٹروے ترجمان کا کہنا ہے کہ موٹرویز کو عوام کی حفاظت اور محفوظ سفر یقینی بنانے کے لئے بند کیا جاتا ہے، قومی شاہرات پر دھند کا دورانیہ موسم سرد ہونے کے ساتھ بڑھ گیا، روڈ یوزرز زیادہ سے زیادہ دن کے اوقات میں سفر کرنے کو ترجیح دیں۔ صبح 10 سے شام 6 بجے تک دھند کے موسم میں بہترین سفری اوقات ہیں، روڈ یوزرز آگے اور پیچھے دھند والی لائٹس کا استعمال کریں، غیر ضروری سفر سے گریز اور تیز رفتاری سے پرہیز کریں، اگلی گاڑی سے مناسب فاصلہ رکھیں۔ ترجمان موٹروے نے کہا کہ روڈ یوزرز معلومات اور مدد کے لئے ہیلپ لائن 130 سے رابطہ کریں۔ پنجاب کے مختلف علاقے بہاولپور، اوکاڑہ، رینالہ خورد، ساہیوال، میاں چنوں، خانیوال، ملتان، رحیم یار خان اور صادق آباد بھی شدید دھند کی لپیٹ میں ہیں۔

بقیہ 24

منعقدہ تقریب میں این اے 212 کے پی پی کے نامزد امیدوار میر منور تالپور اور پی ایس 48 کے نامزد امیدوار میر طارق علی خان تالپور کی موجودگی میں ن لیگ چھوڑ کر پیپلز پارٹی میں شمولیت کا اعلان کردیا اس موقع پر ن لیگی عہدیدار امجد آرائیں عمر آرائیں اور دیگر نے ساتھیوں سمیت پیپلز پارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار کیا اس موقع پر عاطف جمیل کا کہنا تھا کہ میر طارق علی خان تالپور کا شفاف کردار اور حلقے کی عوام کے دکھ سکھ میں کھڑا ہونے کی وجہ سے مجھے پیپلز پارٹی میں شامل ہونے پر مجبور کیا ڈگری میں ایک ایسی قیادت کا ہونا جو عوام کے دکھ درد میں ہمیشہ شامل ہو اور ہر شخص کی اس تک پہنچ ہو ایک نعمت ہے دریں اثناء میر منور علی خان تالپور اور میر طارق علی خان تالپور نے عاطف جمیل کی پی پی شمولیت کو نیک شگون سے تعبیر کیا اور انکو خوش آمدید کہا انکا مزید کہنا تھا کہ پیپلز پارٹی عام آدمی کی جماعت ہے ہمارے دروازے ہر شخص کے لیے ہر وقت کھلے ہیں اس موقع پر شہر بھر سے مختلف برادریوں کے معززین بھی شریک تھے

بقیہ 25

خان کی عوام بخوبی آگاہ ہیں کس نے کتنی کرپشن کی اور کس نے اپنے ضمیر فروش کر کے نواز شریف کے ساتھ بے وفائی کی اور جنرل پرویز مشرف کے ساتھ ہاتھ ملا کر مسلم لیگ ق کے ٹکٹ پر الیکشن لڑا راجہ پرویز اشرف نے اپنی دھرتی ماں کی بہادر اور غیور عوام کا سر فخر سے بلند کیا ان سیاسی زندگی ایک کھلی کتاب کی طرح ہے جھوٹ مکر تھانہ کچہری تبادلوں اور ٹھیکیداروں سے پیسے کون لیتے رہے راجہ پرویز اشرف پر الزام تراشی کرنا اور چاند پر تھکنے کے برابر ہے ان کے الزامات ایسے ہی ہیں جیسے کھسیی بلی کھمبا نوچے کے مترادف ہے ان خیالات کا اظہار پیپلز پارٹی تحصیل گوجر خان کے صدر الحاج فرخ اقبال سیکٹری جنرل راجہ محسن صغیر بھٹی ایڈووکیٹ سیکٹری انفارمیشن ایم مقصود قریشی نے اپنے مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا آٹھ فروری کو دودھ کا دودھ پانی کا پانی ہو جائے گا مہنگائی لیگ کو عبرت ناک شکست دے کر ایک بار پھر تحصیل گوجر خان میں راجہ پرویز اشرف تعمیر وترقی کا بلاتفریق آغاز کریں گے اور گوجر خان تحصیل ماڈل تحصیل کا درجہ حاصل کرے گی تعلیم صحت رابطہ سڑکوں اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے موقع فراہم کیے جائیں گے

بقیہ 26

کیا۔ محسن نقوی نے گنگارام ہسپتال کی اپ گریڈیشن کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا، وزیراعلیٰ نے ہسپتال کے برآمدے سے گزرنے والی سیوریج لائن کا فوری نوٹس لیتے ہوئے ایم ڈی واسا کو موقع پر ہی طلب کر لیا اور سیوریج لائن کو متبادل جگہ منتقل کرنے کا حکم دیا۔ وزیراعلیٰ پنجاب نے کہا کہ سیوریج لائن کی منتقلی کیلئے مشاورت کے ساتھ متبادل پلان مرتب کیا جائے، محسن نقوی نے ہسپتال کے اندر خالی جگہ پر پودے لگانے اور لینڈ سکیپنگ کی بھی ہدایت کی۔ محسن نقوی نے ہسپتال میں وارڈز، آپریشن تھیٹرز اور دیگر شعبوں میں کام پر پیش رفت کا مشاہدہ کیا اور 31 جنوری تک ہسپتال کی اپ گریڈیشن کو ہر صورت مکمل کرنے کی ہدایت کردی۔ بعدازاں وزیراعلیٰ جنرل ہسپتال پہنچ گئے، ہسپتال میں جاری اپ گریڈیشن کے کاموں پر ہونے والی پیشرفت کا جائزہ لیا اور ایمرجنسی بلاک کی تعمیراتی سرگرمیوں کا معائنہ کیا، نقوی نے ایمرجنسی بلاک کے اپ گریڈیشن پراجیکٹس کو مقررہ مدت میں مکمل کرنے کا حکم دے دیا۔ محسن نقوی نے کہا کہ ہر لمحہ قیمتی ہے ایک منٹ بھی ضائع نہیں کر سکتے، دونوں ہسپتال ٹائم لائن کے اندر مکمل ہو جانے چاہئیں

بقیہ 27

بلاک میڈیا ٹاؤن، راولپنڈی)، اٹک سرکل (بمقام آئیسکو آپریشن سب ڈویژن اٹک کینٹ)، جہلم سرکل (بمقام آئیسکو آپریشن سب ڈویژن جہلم رورل سب ڈویژن) اور چکوال سرکل (بمقابل اقبال مارکی، دولتالہ) کے ایس ایز صاحبان مورخہ 18 جنوری 2024 (بروز جمعرات) دن 10:00 بجے تا دن 12:00 بجے تک کھلی کچہری لگائیں گے اور صارفین کے مسائل موقع پر حل کرنے کے لئے ضروری ہدایات جاری کریں گے۔ چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان منعقد کی جانے والی کھلی کچہریوں کی براہ راست نگرانی کریں گے۔ آئیسکو ریجن کے صارفین بجلی سے متعلقہ مسائل کے حل / تجاویز کے اندراج کے لئے ان کھلی کچہریوں میں بھرپور شرکت کریں۔ مزید معلومات کے لئے دفتری اوقات کار کے دوران اسلام آباد سرکل کے فون نمبر 051-9260194، راولپنڈی سٹی سرکل فون نمبر 051-9292675، راولپنڈی کینٹ سرکل فون نمبر 051-9293048، اٹک سرکل فون نمبر 051-4950343، جہلم سرکل فون نمبر 0544-920276 اور چکوال سرکل فون نمبر 0543-668500 پر رابطہ کریں۔

بقیہ 28

کوٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کیا جائے گا، منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 29

تحریک انصاف کے رہنما چوہدری اعجاز حسین فرحت نے کہا کہ وہ بطور آزاد امیدوار الیکشن نہیں لڑیں گے اور پارٹی کے نامزد امیدواروں کی بھرپور حمایت کریں گے۔ اعجاز حسین فرحت نے کہا کہ حلقہ پی پی 20 پر وہ پی ٹی آئی کے ٹکٹ کے امیدوار تھے لیکن پارٹی نے ان کی جگہ ناصر بھٹی کو نامزد کیا ہے۔ وہ پارٹی کے اس فیصلے کا احترام کرتے ہوئے خود الیکشن سے دستبردار ہو رہے ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کا پینل حلقہ این اے 58 اور صوبائی اسمبلی کی نشستوں پر پینل مکمل ہے جبکہ مسلم لیگ ن کے اس حلقے کے امیدوار میدان میں اتر چکے ہیں، پیپلز پارٹی نے بھی ان تین نشستوں پر اپنے بھرپور امیدوار میدان میں اتار دیے ہیں۔ اُدھر حلقہ این اے 59 میں سردار غلام عباس، حلقہ پی پی 22 پر بھی امیدوار ہیں اور ملک شہریار اعوان انکے ساتھ میدان میں ہیں۔ پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ امیدوار ملک رومان احمد، حکیم نثار احمد اور کرنل سلطان سرخرو مختلف انتخابی نشانوں کے تحت میدان میں ہیں، پیپلز پارٹی نے بھی یہاں پر اپنے امیدوار تبدیل کیے ہیں جن میں حلقہ این اے 59 میں حسن سردار ڈھیر مونڈ، پی پی 22 پر راجہ مظہر ہستال جبکہ پی پی 23 پر بھی خالدہ بلوچ کی جگہ سردار عظمت حیات ٹمن کو میدان میں اتارا گیا ہے۔

بقیہ 30

ہیں، دونوں پاور پلانٹس کے 100 ارب کے کنٹرولنگ اسٹیک پی ایس او کو دیے جائیں گے۔ پاور پلانٹس کو نجکاری فہرست سے نکالنے کیلیے وزارت توانائی، پٹرولیم اور نجکاری کمیشن رضامند ہو گئے ہیں، تاہم پاور پلانٹس کو نجکاری فہرست سے نکالنے کیلیے حتمی منظوری وفاقی کابینہ سے مشروط ہے۔

بقیہ 31

پنجاب محسن نقوی وزیر اطلاعات عامر میر اور سابق سیکٹری اطلاعات علی نواز ملک کی طرف سے نیشنل پریس کلب کیلئے خطیر فنڈ زمختص کرنے کے اقدامات کو قابل ستائش قرار دیا جس سے پریس کلب کے کیمپ آفس سمیت تزئین وآرائش میں بھرپور مدد ملے گی، اجلاس میں ہیلتھ انشورنس کارڈ کے اجراء کیلئے ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا اور توقع ظاہر کی گئی کہ باڈی یہ کام جلد مکمل کرے گی جس کے نتیجے میں کلب کے ممبران اور میڈیا ورکرز کو مفت علاج کی سہولت میسر ہوگی، اس موقع پر فیڈرل ایمپلائز ہاؤسنگ اتھارٹی کی طرف سے بھارہ کہو ہاؤسنگ اسکیم میں صحافیوں کے کوٹے کے زیر التواء کیسز کی جلد پیش رفت کیلئے لائحہ عمل بھی بنایا گیا، گورننگ باڈی نے متفقہ فیصلہ کیا کہ راولپنڈی اسلام آباد پریس کلبوں کی تزئین و آرائش اور صحافیوں کو بہتر سہولیات کے منصوبے پر جلد کام شروع کر دیا جائیگا، گورننگ باڈی نے نگران وزیر اعلیٰ محسن نقوی، وزیر اطلاعات عامر میر صوبائی وزیر صحت جمال ناصر کی طرف سے صحافیوں اور میڈیا ورکرز کی فلاح و بہبود کیلئے اٹھائے جانیوالے اقدامات کو سراہاتے ہوئے طویل عرصے بعد راولپنڈی اسلام آباد پریس کلب کی گرانٹ جاری کرنے پر انکا شکریہ بھی ادا کیا، اجلاس میں گورننگ باڈی عون شیرازی کی طرف سے اٹھائے جانیوالے معاملے پر ممبر پریس کلب عاطف بٹ کی جانب سے بعض نامناسب الزامات پر معاملہ ڈسپلن کمیٹی کو بھجوانے اور اس حوالے سے متعلقہ فریق کو بلا کر صورتحال واضح کرنے کا فیصلہ کیا گیا، اجلاس میں آزاد کشمیر حکومت کی طرف سے میڈیا پر قدغن لگانے کے حوالے سے مجوزہ قانون سازی کے حوالے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کشمیر جرنلسٹس فورم کے ساتھ ملکر اس معاملے کو آزاد کشمیر حکومت کے ساتھ مذاکرات کر کے حل کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔

بقیہ 32

نے کہا کہ کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیوں کو مزید موثر کیا جا رہا ہے، والدین کم عمر ڈرائیوروں کی حوصلہ شکنی کریں، لائسنس کے اہل طلباء و طالبات کے لیے تعلیمی اداروں میں خصوصی کلاسز کا بھی آغاز کیا جا رہا ہے، کم عمر ڈرائیور نا صرف اپنی بلکہ دیگر شہریوں کی زندگی کے لیے خطرے کا باعث ہیں، کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف پنجاب حکومت کے احکامات پر من وعن عمل کیا جا رہا ہے۔

بقیہ 33

تحریک انصاف نے ریکارڈ 21 خواتین کو قومی اسمبلی کے ٹکٹ جاری کئے ہیں۔ پنجاب میں اٹک سے سابق ایم این اے ایمان طاہر صادق، راولپنڈی سے سابق ایم پی اے سیمابیہ طاہر، سیالکوٹ سے سابق وزیراعظم کے مشیر عثمان ڈار کی والدہ ریحانہ امتیاز ڈار، لاہور سے سابق ایم این اے عالیہ حمزہ ملک، سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد، سدرہ فیصل سابق ایم این اے قصور، ملتان سے شاہ محمود قریشی کی بیٹی مہر بانو قریشی، وہاڑی سے سابق ایم این اے نذیر جٹ کی صاحبزادی عائشہ نذیر جٹ، بہاولنگر سے شوکت بسرا کی اہلیہ مسز طلعت بسرا، بہاولپور سے سابق ایم این اے کنول شوزب پی ٹی آئی خاتون ٹکٹ ہولڈرز کی فہرست میں شامل ہیں۔ پی ٹی آئی نے رحیم یار خان سے قمر جاوید وڑائچ، مظفر گڑھ سے مسز حمیرا احمد خان، لیہ سے سابق ایم این اے مجید نیازی کی اہلیہ مسز عنبر مجید نیازی، ڈیرہ سے سابق وزیر زرتاج گل وزیر کو بھی قومی اسمبلی کا ٹکٹ دیا ہے۔ علاوہ ازیں پاکستان تحریک انصاف نے خیرپور سے عنبرین ملک، سانگھڑ سے حمیدہ مسعود شاہ، تھرپارکر سے مہر النساء بلوچ، ٹیاری سے نازش فاطمہ بھٹی، ٹنڈو الیار سے روزینہ بھٹو، دادو سے شبانہ نواب بجارانی کو قومی اسمبلی کے ٹکٹ جاری کیے جبکہ خیبرپختونخوا کے حلقہ این اے 30 پشاور سے سابق ایم این اے شاندانہ گلزار کو بھی ٹکٹ دیا گیا۔ استحکام پاکستان پارٹی کی جانب سے سابق وفاقی وزیر ڈاکٹر فردوس عاشق اعوان کو این اے 70 سیالکوٹ سے پارٹی ٹکٹ ملا۔

بقیہ 34

متحدہ عرب امارات میں کاروباری کمپنیاں، اپارٹمنٹس اور دکانیں بھی موجود ہیں۔ شیر محمد مغیری کا نام جعلی اکاؤنٹس میں ای سی ایل پر رکھا گیا تھا۔ نیب اور جے آئی ٹی نے شیر محمد مغیری کو جعلی اکاؤنٹس کیس تحقیقات میں شامل کیا تھا۔

بقیہ 35

واردات کرتے دیکھ کر روکنے کی کوشش کی جس پر ڈاکوؤں نے فائرنگ کر دی، ڈاکوؤں کی فائرنگ سے کانسٹیبل عدیل زخمی ہوئے جنہیں ہسپتال منتقل کیا گیا ہے، فرار ڈاکوؤں کی تلاش کے لئے سرچنگ کی جارہی ہے، ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں کھڑا کیا جائے گا، شہریوں کی جان و مال اور پولیس پر حملہ کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 36

رنگی گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں گینگ کا سرغنہ راجو، وقاص اور عرفان شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 1لاکھ 50 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد ہوا، نیوٹاؤن پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 رکنی گینگ کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں زبیر خان اور ابراہیم شامل ہیں، ملزمان سے چھینی گئی رقم 75 ہزار روپے اور 2 موبائل فونز برآمد ہوئے، گرفتار ملزمان کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کی جان و مال پر حملہ کرنے والے ملزمان قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 37

ہوئی، ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان عدالت کر کے قرار واقعی سزا دلوائی جائے گی، شہریوں کو اُنکے قیمتی اثاثے سے محروم کرنے والے قانون کی گرفت سے نہیں بچ سکتے۔

بقیہ 38

اور شہریوں کے لئے بہترین سفری سہولیات مہیا کرنے کے لئے ہمہ وقت مصروف عمل ہے، اس سلسلہ میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے ایک اور اہم اقدام اٹھاتے ہوئے شہریوں اور تاجروں کی شکایات کے ازالے کے لئے غلط پارکنگ کے خلاف مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جسکے لئے اسلام آباد کیپیٹل پولیس میں اضافی لفٹرز شامل کئے جارہے ہیں جو رہائشی علاقوں اور تجارتی مراکز میں غلط پارکنگ کرنے والوں کے خلاف بلاتفریق قانونی کارروائیاں عمل لائیں گے، جبکہ غلط پارکنگ کرنے والوں کو جرمانہ بھی ادا کرنا پڑے گا، اس اقدام کا مقصد ٹریفک کو روانی کو برقرار رکھنا اور شہریوں کے لئے سفری سہولیات فراہم کرنا ہے ،شہریوں سے گزارش ہے کہ وہ اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی ایمرجنسی کے متعلق "پکار-15" یا "آئی سی ٹی-15" ایپ پر اطلاع دیں۔

بقیہ 39

پیشہ عناصر کی گرفتاری عمل میں لائی، تھانہ آبپارہ پولیس نے ملزم تنویر مسیح کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 10 لیٹر شراب برآمد کرلی، تھانہ سیکرٹریٹ پولیس نے ملزم اعزاز حسن کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ کوہسار پولیس نے ملزم افضل امجد کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 338 گرام ہیروئن برآمد کرلی، تھانہ رمنا پولیس نے ملزم فیصل سعید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 780 گرام چرس برآمد کرلی، تھانہ گولڑہ پولیس نے ملزم شراب خان کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد بارہ بور رائفل برآمد کرلی، تھانہ نون پولیس نے ملزم طارق جاوید کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا، تھانہ کھنہ پولیس نے ملزم غلام رسول کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے 455 گرام ہیروئن برآمد کرلی، جبکہ چوری کی واردات میں ملوث ملزم سلویسٹر شوکت کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے مال مسروقہ مالیتی چار لاکھ روپے کا برآمد کرلیا، تھانہ ہمک پولیس نے ملزم افراز مظفر کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد ایم پی فائیو رائفل برآمد کرلی، تھانہ بنی گالہ پولیس نے ملزم محمد زین العابدین کو گرفتار کر کے اس کے قبضہ سے ایک عدد تیس بور پستول برآمد کرلیا

بقیہ 40

کہا کہ الیکشن آزاد ماحول میں ہونا چاہیے، الیکشن کمیشن اور اداروں کی ذمے داری ہے کہ صاف شفاف الیکشن ہوں، الیکشن 8 فروری کو ہوں گے اس میں ابہام نہیں ہونا چاہیے۔ پیپلز پارٹی کے رہنما نے کہا کہ الیکشن صاف شفاف ہوں گے تو سب اس کے نتائج قبول کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے خلاف اتحاد بنا ضرور ہے لیکن ان کے امیدوار کہاں ہیں؟۔

بقیہ 41

اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جدید لائسنس مینجمنٹ نظام مکمل فعال ہے، اس نظام سے اشتہاری مجرمان اور ای چالان نادہندگان کا مواد منسلک ہے جس کا مقصد اشتہاری مجرمان کو گرفتار کرنے کے ساتھ ای چالان نادہندگان سے چالان کی ادائیگیوں کو یقینی بنانا ہے، اس جدید نظام کی بدولت ڈرائیونگ لائسنس بنوانے کے لئے ٹریفک دفتر آنے والے 634 نادہندگان نے اپنے 01 ہزار 89 ای چالان موقع پر ادا کئے جبکہ ایک عدالتی مفرور اور ایک اشتہاری مجرم کو موقع پر گرفتار کر کے قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا گیا، اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا جدید تشکیل کردہ ڈیجیٹل لائسنس مینجمنٹ نظام قیام ہی سے مکمل طور پر فعال ہے، ای چالان نادہندگان اپنے چالان کی ادائیگی کئے بغیر پولیس کی جانب سے دی جانے والی ہر قسم کی سہولیات سے محروم رہیں گے، مزید برآں ای چالان نادہندگان کی گاڑیوں کو سیف سٹی میں موجود جدید بریف کیم الرٹس اور سیف سٹی کیمرہ جات کی مدد سے تلاش کر کے قانونی تقاضے پورے کئے جا رہے ہیں، شہری اپنا چالان اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی سرکاری ویب سائٹ www.islamabadpolice.gov.pk پر یا دیئے گئے لنک https://ict.islamabadpolice.gov.pk:8081/veri/verify_e_challan.php گاڑی کا رجسٹریشن نمبر ڈال کر چیک کر سکتے ہیں، چالان شدہ گاڑی مالکان اپنا چالان بذریعہ جیز کیش، موبائل ایپ یا جے ایس بینک والٹ سے جمع کروا سکتے ہیں، چالان جمع نہ کروانے کی صورت میں نادہندگان کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔

آئیسکو ریجن میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 17 جنوری 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس / ڈویلپمنٹ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم سرکلز کے مختلف علاقوں کو بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پر درج ذیل شیڈول کے مطابق بجلی کی سپلائی عارضی طور پر معطل رہے گی۔ مورخہ 17 جنوری 2024، صبح 09:00 بجے تا شام 02:00 بجے تک، اسلام آباد سرکل، بنی گالہ، شکر اللہ، A D B P، کھنہ ڈاک، برما، سکیم۔II، فراش ٹاؤن، F-10 مرکز، ایکسپریس، I-9/4، I-10/4، G-11/2، F-11 ٹاور T & T، بنی بینک، سیسل، کوٹلی ستیاں، بلاورہ، منگیال فیڈرز، راولپنڈی سٹی سرکل، غوثیہ کالونی، فورتھ روڈ، سی بلاک، اے بلاک، صادق آباد، نیشنل مارکیٹ، آفندی کالونی، کری روڈ، کھنہ روڈ، فاروق اعظم، سیکٹر۔ 4، طسمہ آباد، ڈھوک کھبہ، گلشن آباد، راجہ آباد، محمدی چوک، باغ سرداراں، عزیز آباد، ریس کورس، امیر حمزہ کالونی، شمس کالونی، ایم ایف ایم، I-14/3، پنڈ ہون، موہن پورہ، عزیز آباد فیڈرز، راولپنڈی کینٹ سرکل، حیدر روڈ، آدم جی روڈ، PAF، PWD-1، ہمک، ٹوپی پمپ، AOWHS، لالکرتی، کلیال، رنیال، قائد اعظم کالونی، جھاورہ، راجڑ، نیوروات، روات، سارکو، حنیف شہید، سیب ابرار، غزن خان، حامد جھنگی، انڈسٹریل، بحرکلیال، نشان حیدر، گگن فیڈرز، اٹک سرکل، جلالہ، نواب آباد، شیر شاہ سوری، غازی کوہلی، بہلوٹ، بن بولہ، ویلی، پی ایم کالونی، حسین آباد، مسکین آباد، جی بی سی۔3، اٹک رورل، اٹک کینٹ، موسا، کرپہ، بٹیوٹ، باہتر، پری، احمدال، محفوظ شہید، کنڈا، گل محمد، دھکیر، فیڈرز، چکوال سرکل، بحر پور، آرا بازار، منارہ، سرپاک، جنڈ اعوان، لطیفال، بس ہیگلہ آباد، چکرال، ڈنڈوت، راول، للہ ٹاؤن، کے ایس مانیز، جلال پور، بللکسر، دھرنال، سکھو، تلہ گنگ سٹی، ڈھوک پٹھان، کوٹ سارنگ، تھائی، بڈھیال، چتوالی فیڈرز، جہلم سرکل F-7 کچہری F-13، گرمالہ، شکریلہ، چھپران، F-8 سول لائن، F-9 چک دولت، منگلہ کینٹ، مدو کالس، سوہان، نیوڈومیلی، نیو سنگھوئی، کھوکھراں، متوا، بجی خان، بل اعوان، ٹھاکرہ، اسلام پورہ، قاضیا، کنگر ٹھاٹھی فیڈرز، جی ایس او سرکل، صبح 08:00 بجے تا شام 05:00 بجے تک، نعمان پورہ، باغ نمبر۔ 2، نعمان پورہ، ہری جل، نعمان پورہ، ڈھلی نمبر 1&2، باغ نمبر۔1، سوڈن گلی فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا شام 04:00 بجے تک کھوٹہ سٹی۔ II، حنیف شہید، کے آر ایل کالونی، عباس پورہ، کہلو، پیلی چھپران، منڈول۔ 1، بھنگو، ہنجیرہ، سری، منڈول۔ 2، سٹی۔ 2، لہتراڑ، بلاورہ، KROR، کوٹلی ستیاں فیڈرز، صبح 09:00 بجے تا دن 11:00 بجے تک، KRL، C-2، سکھ چین فیڈرز اور گردونواح بند رہیں گے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے معزز صارفین سے بجلی کی بندش پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جاسکتی ہے اور گردونواح کی بجلی بند رہے گی۔

بقیہ 42

اعشاریہ 4 کلو ہے۔ ہسپتال انتظامیہ کے مطابق 1 اعشاریہ 4 کلو وزن والی بچی کمزور ہونے کے باعث نرسری میں داخل ہے۔

بقیہ 43

صبح چار بجے تک ڈیوٹی کرے گی۔

بقیہ 44

کے اعزاز میں ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز میں پروقار الوداعی تقریب منعقد کی گئی، تقریب میں چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد محمد سرفراز ورک نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی، اس موقعہ پر ایس پی ٹریفک، تمام زونل ڈی ایس پیز اور دیگر سینئر پولیس افسران و جوان بھی موجود تھے، اس موقع پر مہمان خصوصی نے ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ ریٹائرمنٹ سروس کا حصہ ہے جس نے نوکری شروع کی وہ ایک دن ریٹائرڈ بھی ہوگا، آپ نے ایک لمبا عرصہ محکمہ پولیس کی خدمت کی ہے، اب محکمے کو آپ کی خدمت کرنے کی ضرورت ہے، دوران سروس ہم سب کی کوشش ہونی چاہیے کہ کچھ ایسے کارنامے سرانجام دیئے جائیں جن سے آپ کا نام روشن ہو اور آپ کے کردار کو اچھے الفاظ میں یاد رکھا جائے، ہمیں اس بات کا عہد کرنا چاہیے کہ سروس کے دوران زیادہ سے زیادہ عوامی خدمت کر کے اللہ کی خوشنودی حاصل کی جائے، مزید انہوں نے کہا کہ ریٹائرڈ ہونے والے افسران نے اپنا زندگی کا قیمتی حصہ محکمہ پولیس میں گزار کر عوام کی خدمت کی، اس کے بدلے محکمہ پولیس نے بھی آپ کو عزت، وقار اور ایک مقام دیا جس پر آپ کو اللہ کا شکر گزار ہونا چاہیے، انہوں نے مزید کہا کہ آپ کو کوئی بھی نجی و سرکاری مسئلہ درپیش ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہر وقت کھلے ہیں، اس موقع پر ریٹائرڈ ہونیوالے افسران نے عزت افزائی پر خوشی کا اظہار کرتے ہوئے چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد کا شکریہ ادا کیا، تقریب کے آخر میں مہمان خصوصی نے ریٹائرڈ ہونے والے افسران کی خدمات کو سراہتے ہوئے انہیں اعزازی پولیس شیلڈز اور تحائف سے نوازا اور ان کے لئے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔

بقیہ 45

افغان باشندے اپنے ملک چلے گئے، واپس جانے والوں میں 214 مرد، 143 خواتین اور 421 بچے شامل ہیں۔ افغانستان روانگی کے لئے 42 گاڑیوں میں 72 خاندانوں کی اپنے وطن واپسی عمل میں لائی گئی ہے۔ یاد رہے کہ وفاقی حکومت کے اعلان سے قبل بھی غیر قانونی افغان باشندوں کی کثیر تعداد گرفتاری کے ڈر سے پاکستان سے واپس افغانستان جاتی رہی تاہم سرکاری اعداد وشمار کے مطابق 15 جنوری تک مجموعی طور پر 4 لاکھ 68 ہزار 929 افغان باشندے اپنے ملک جا چکے ہیں۔ واضح رہے کہ کراچی سمیت دیگر شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افراد کی بڑی تعداد موجود تھی جن کی وجہ سے سمگلنگ اور بھتہ خوری بہت عام تھی، تاہم قابل اطمینان امر یہ ہے کہ حکومت پاکستان اور عسکری قیادت کی مشترکہ کاوشوں سے ملک سے غیر قانونی افراد کا انخلا جاری ہے۔

بقیہ 46

اٹھنے والے سر کوکاٹ دے گی۔ انہوں نے عوام کی خوشحالی اور بہبود کے لیے زیادہ سے زیادہ کام کرنے کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ جب تک میں ہر گھر تک روزگار پہنچا نہیں دیتا، مطمئن نہیں ہوں گا۔ میڈیا سیل بلاول ہاؤس کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق، پی پی پی چیئرمین نے بھٹو ہاؤس نوڈیرو میں کارکنان اور عہدیداران کے اعزاز میں منعقد ظہرانہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ان کی ہمیشہ یہ کوشش رہی ہے کہ وہ پارٹی کارکنان کی توقعات پر پورا اتریں۔ آپ نے ہمیں 2018 میں منتخب کروا کر قومی اسمبلی بھیجا، تو میں نے پہلے دن ہی سلیکٹڈ راج کو دنیا کے آگے ایکسپوز کردیا۔ انہوں نے کہا کہ ہم نے ان کا ڈٹ کر مقابلہ کیا، جو عوام کے حق پر ڈاکہ مارنا چاہتے تھے۔ ہم نے ملک میں ایک بار پھر ون یونٹ قائم کرنے اور سلیکٹڈ راج کو جاری رکھنے کی سازش کو ناکام بنایا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ پاکستان آج ایسی جگہ کھڑا ہے کہ ایک طرف معاشی بحران ہے، تو دوسری جانب معاشرہ نفرت و تقسیم کا شکار ہے، جبکہ امن امان کے حوالے سے بھی صورتحال خراب ہے۔ افغانستان کے حالات کا اثرات کچے کے علاقے سے لے کر خیبر پختونخواہ تک نظر آ رہے ہیں، اور پاکستانی عوام ان نتائج کو بھگت رہے ہیں۔ اس وقت کسی کو کوئی احساس نہیں، کسی کو فکر نہیں کہ عوام کس تکلیف میں ہے۔ ان کو اندازہ نہیں کہ اسلام آباد میں کیئے گئے فیصلوں کی وجہ سے ملک میں جو رکارڈ مہنگائی، بے روزگاری اور غربت ہے، اس کا بوجھ عوام کو اٹھانا پڑتا ہے۔ پی پی پی چیئرمین نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان میں نفرت کی سیاست کا اثر ہر گھر میں پہنچ رہا ہے۔ گالی گلوچ کی سیاست اب ذاتی دشمنی کی سیاست تک پہنچ چکی ہے۔ ان کو سمجھنا چاہیے کہ جو آج ان کے مخالف کے ساتھ ہو رہا ہے، وہ کل خود ان کے ساتھ بھی ہوگا۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ وہ دہشتگرد اور دہشتگرد تنظیمیں جنہوں نے شہید محترمہ بینظیر کو شہید کیا، اور جن کو جیالوں، عوام، پولیس اور جوانوں نے قربانیاں دے کر ختم کر دیا تھا اور جن میں پھر سر اٹھانی کی صلاحیت ہی نہیں تھی، وہ آج ایک بار پھر سر اٹھا رہے ہیں۔ وہ کیوں سر اٹھا رہے ہیں؟ کیونکہ بطور ریاست ہم نے یہ فیصلہ کر لیا تھا کہ جو قربانیاں ہماری عوام نے دی ہیں ان پر کمپرومائز کر کے ہم ان ہی دہشتگردوں سے بات کریں گے۔ انہیں دعوت دیں گے آپ پاکستان آو، بڑی تعداد میں آو۔ کراچی میں آ کر اپنا گھر بناو۔ جب ہم کابل میں چائے ہی پی رہے تھے تو ہمیں اندازہ ہی نہیں تھا کہ اس کا پاکستان کی عوام کو کیا بوجھ اٹھانا پڑے گا۔ پارٹی کارکنان سے مخاطب ہوتے ہوئے انہوں نے کہا کہ آپ نے ساتھ دیا تو شہید ذوالفقار علی بھٹو ملک کے وزیراعظم بنے، قائد عوام بنے، امت مسلمہ کے لیڈر بنے اور ایٹمی پروگرام کے بانی بنے۔ آپ ساتھ تھے تو شہید محترمہ بینظیر بھٹو ملک کی پہلی وزیراعظم بنیں، اسلامی دنیا کی پہلی منتخب وزیراعظم بنیں۔ آپ ساتھ تھے تو میں ملک کے نوجوان وزیر خارجہ بنا۔ آپ ساتھ دیں گے تو میں ملک کا نوجوان وزیراعظم بنوں گا۔ پی پی پی چیئرمین نے کہا کہ ہم یہ نہیں سوچتے کہ عمران خان اور شہباز شریف نے بطور وزرائے اعظم اپنے اپنے حلقوں میں کیا کیا، بلکہ ہم تو گڑھی خدابخش کے آگے جوابدہ ہیں۔ انہوں نے سال 2022ع میں سندھ سمیت ملک کے دیگر علاقوں میں سیلاب آیا تھا، لیکن متاثرین کی بحالی کے لیے اقدام صرف صوبہ سندھ میں کیے گئے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان، خیبر پختونخواہ اور جنوبی پنجاب کے سیلاب متاثرین آج بھی بے گھر ہیں، جب کہ سندھ میں سیلاب متاثرین کے لیے 20 لاکھ گھر تعمیر کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ پوری دنیا میں پہلی مثال ہے کہ حکومت سیلاب متاثرین کو نہ صرف گھر بنا کر دے رہی ہے، بلکہ ان کو زمین کے مالکانہ حقوق بھی دیے جا رہے ہیں۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ ہم میں اور دوسری سیاسی جماعتوں اور سیاستدانوں میں فرق یہ ہے کہ وہ صرف اپنے مفادات کے بارے میں سوچتے ہیں، جبکہ ہماری ہر جدوجہد، قربانی اور کام عوام کے لیے ہوتا ہے۔

بقیہ 47

ڈینگی کے مریضوں کی کل تعداد 10، راولپنڈی، فیصل آباد میں 2،2 جبکہ سرگودھا، گجرات اور وہاڑی میں ڈینگی کا ایک ایک مریض رپورٹ ہوا۔

بقیہ 48

کے مولانا گل نصیب نے بلے کے نشان کی واپسی کو قانونی فیصلہ قرار دیا تھا۔ مولانا گل نصیب نے کہا تھا کہ جب پی ٹی آئی وکلاء دفاع نہ کر سکے تو سپریم کورٹ کا کیا قصور، سپریم کورٹ کا فیصلہ آئین و قانون کے مطابق ہے۔

بقیہ 49

جماعتوں کی جانب سے اشتہارات چسپاں کیے جارہے ہیں، بی آرٹی کی دیواروں، فلائی اوور اور پلرز پر بغیر اجازت اشتہارات چسپاں کرنا منع ہے۔ ٹرانس پشاور کے مطابق تشہیر کرنے والے افراد کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائیگی۔

بقیہ 50

کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کی وفاقی دارالحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے اور شاہراں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے قانونی کارروائیاں جاری ہیں، اس سلسلہ میں سال 2023 میں وفاقی دارلحکومت میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں کو روکنے کے لئے عائد جرمانوں میں اضافہ کیا گیا تھا جس کا وفاقی وزارت داخلہ نے باقاعدہ نوٹیفکیشن بھی جاری کیا تھا، ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں پر کیے جانے والے جرمانوں میں اضافے کا مقصد ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانا تھا جس سے ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں نمایاں کمی واقع ہوئی، اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ سال کے آخری چار ماہ میں نگران حکومت کے دور میں پہلے 8 ماہ سے 33 فیصد زیادہ چالان وصول کیے، آئی سی سی پی او نے کہا کہ جرمانوں میں اضافے کا مقصد ٹریفک قوانین پر عمل درآمد کو یقینی بنانا ہے، ٹریفک قوانین کی پابندی شہریوں کو حادثات سے محفوظ رکھتی ہیں، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کو ٹریفک قوانین کی خلاف ورزی کے نقصانات اور دیگر ٹریفک قوانین کے متعلق آگاہی فراہم کر رہی ہے

بقیہ 51

روزانہ بڑھتی جارہی ہیں، اخبارات اور الیکٹرانک میڈیا تمام جرائم کی مسلسل نشاندہی کر رہا ہے۔ جسٹس (ر) مقبول باقر نے خط میں لکھا کہ انتخابی امیدواروں پر حملہ اور دن دیہاڑے اغوا کے واقعات کی بھی رپورٹس ہیں۔ انہوں نے لکھا کہ معاشرے میں خواتین، بچے اور بوڑھوں کو ان جرائم سے کافی نقصان اٹھانا پڑ رہا ہے۔ نگراں وزیراعلیٰ سندھ نے لکھا کہ صحافیوں، وکلاء، ڈاکٹرز، تاجرز اور دیگر پیشہ ور افراد کو جان و مال کے خطرات لاحق ہیں۔ انہوں نے سوال کیا کہ بگڑتی صورتحال کے باوجود قانون نافذ کرنے والے ادارے بدستور خاموش کیوں ہیں؟ جسٹس (ر) مقبول باقر نے خط میں ہدایت کی کہ آئین میں درج شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنائیں۔

بجلی اور گیس کی قیمتوں میں اضافے کے باوجود گردشی قرضہ بے قابو

گیس سیکٹر کا قرض 3 ہزار ارب روپے تک پہنچ چکا تھا، جو کہ مجموعی طور پر 5.73 ہزار ارب روپے بنتے ہیں

اس طرح انرجی سیکٹر کا گردشی قرض پاکستانی معیشت کے مجموعی سائز کے 5.4 فیصد تک پہنچ گیا ہے

کراچی (این این آئی) بجلی اور گیس کی قیمتوں میں لگاتار اضافوں کے باجود توانائی سیکٹر کا گردشی قرضہ مسلسل اضافے کے ساتھ 5.73 ہزار ارب روپے کی بلند ترین سطح پر پہنچ گیا، جو کہ دو ماہ قبل آئی ایم ایف کی جانب سے بتائی گئی رقم کے مقابلے میں 1.5 ہزار ارب روپے زیادہ ہے۔ سرکاری دستاویزات کے مطابق نومبر کے اختتام تک بجلی سیکٹر کا گردشی قرضہ 2.7 ہزار ارب روپے کی شرح عبور (بقیہ نمبر 10)

آئیسکو کے تمام آپریشن سرکلز میں منعقد ہونے والی کھلی کچہریوں کا شیڈول جاری

کھلی کچہریاں کا انعقاد صارفین کے مسائل کے فوری حل کا بہترین ذریعہ ہے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) صارفین بجلی کے مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں بہترین سروسز کی فراہمی کو بھی یقینی بنایا جا رہا ہے، اسی جذبے اور پیشہ ورانہ ذمہ داریوں کا احساس کرتے ہوئے آئیسکو نے تمام آپریشن سرکلز میں کھلی کچہریوں کے انعقاد کا شیڈول جاری کر دیا ہے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد سرکل (بمقام نیلور سب ڈویژن آئیسکو اسلام آباد)، راولپنڈی سٹی سرکل (بمقام ڈھوک گجراں سٹاپ، نزد پی ایس او پمپ مصریال روڈ بھاٹہ چوک روڈ، راولپنڈی)، راولپنڈی کینٹ سرکل (بمقام اے (بقیہ نمبر 27)

راولپنڈی، راجہ بازار میٹریل مارکیٹ کے باہر قائم غیر قانونی موٹر سائیکل پارکنگ ٹریفک مسائل کا سبب بن رہا ہے

چکوال کی دو قومی اور چار صوبائی اسمبلی کی نشستوں پر جوڑ توڑ شروع

پارٹی ٹکٹوں سے محروم رہنے والے امیدوار آپس میں پینل تشکیل دینے کی تگ و دو میں ہیں

چکوال (این این آئی) ضلع چکوال کی دو قومی اور چار صوبائی اسمبلی کی نشستوں پر جوڑ توڑ فیصلہ کن مرحلے میں داخل ہوگیا، تمام چھ نشستوں پر پارٹی ٹکٹوں سے محروم رہنے والے امیدوار آپس میں پینل تشکیل دینے کی تگ ودو میں ہیں جبکہ متعدد امیدوار بڑے امیدواروں کے حق میں دستبردار ہونا شروع ہوگئے ہیں۔ واضح اور نمایاں پوزیشن آئندہ دو تین روز میں واضح ہوکر سامنے آئے گی۔ سابق ایم پی اے اور پاکستان (بقیہ نمبر 29)

ٹکٹوں کی تقسیم کے بعد کھیوڑہ میں بھی سیاسی سرگرمیاں تیز ہوگئیں

سیاسی وسماجی شخصیت حاجی ملک منیر حسین نے چوہدری فرخ الطاف کی مکمل حمایت کا اعلان

پنڈدادنخان : کھیوڑہ (سرفراز عباس سے)تفصیلات کے مطابق کھیوڑہ کی معروف سیاسی و سماجی شخصیت حاجی ملک منیر حسین نے اپنی برادری سمیت مسلم لیگ (بقیہ نمبر 18)

شیر افضل مروت نے پارٹی ترجمان رؤف حسن کو سازشی قرار دیدیا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے سینئر نائب صدر شیر افضل مروت نے اپنی ہی پارٹی کے ترجمان رؤف حسن کو سازشی قرار دے دیا۔ پی ٹی آئی ترجمان رؤف حسن نے نجی ٹی وی کے ایک شو میں شیر افضل مروت کے بیانات سے لاتعلقی کا اظہار (بقیہ نمبر 16)

بانی پی ٹی آئی کے کاغذاتِ نامزدگی مسترد کیے جانے کیخلاف درخواست پر فیصلہ محفوظ

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے سابق وزیراعظم و بانی پاکستان تحریک انصاف کے لاہور کے حلقے این اے 122 سے کاغذات نامزدگی مسترد کیے جانے کے فیصلے کے خلاف درخواستوں پر فیصلہ محفوظ (بقیہ نمبر 17)

6 ملزمان سے 3 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد، مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے منشیات فروشوں اور شراب سپلائرز کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 6 ملزمان کو گرفتار کرلیا، ملزمان کے قبضہ سے 3 کلو سے زائد چرس اور شراب برآمد کر کے مقدمات درج کرلئے گئے۔ تفصیلات کے مطابق واہ کینٹ پولیس نے ملزم سجاد سے 1 کلو 400 گرام چرس، ایئرپورٹ پولیس نے ملزم حفیظ سے 1 کلو 70 گرام چرس، ملزم حبیب سے 5 لیٹر شراب، نصیر آباد پولیس نے ملزم عامر سے 6 لیٹر شراب، ملزم مشتاق سے 5 لیٹر شراب، ٹیکسلا پولیس نے ملزم ثقلین سے 720 گرام چرس ،ابرآمد کر کے ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کرلیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز فلائٹ لیفٹیننٹ (ر) حافظ کامران اصغر نے کہا کہ گرفتار ملزمان (بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد، سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف پارلیمنٹری رپورٹرز ایسوسی ایشن کے دفتر کا افتتاح کر رہے ہیں

نندی پور اور گڈو پاور پلانٹ کی نجکاری منسوخ کرنیکا فیصلہ

نجکاری فہرست سے نکالنے کے لئے وزارت توانائی، پٹرولیم اور نجکاری کمیشن رضامند

، تاہم پاور پلانٹس کو نجکاری فہرست سے نکالنے کیلئے حتمی منظوری وفاقی کابینہ سے مشروط ہے

اسلام آباد (چیف رپورٹر) حکومت نے نندی پور اور گڈو پاور پلانٹ کی نجکاری منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ کم کرنے کیلئے پاور پلانٹس کے شیئرز پی ایس او کو دینے کی تجویز دی گئی ہے، پاور پلانٹس کے شیئرز پی ایس او کو ملنے سے گیس سیکٹر کا گردشی قرضہ 100 ارب روپے کم ہوگا۔ نندی پور اور گڈو پاور پلانٹس سوئی گیس کمپنیوں کے 100 ارب روپے کے نادہندہ (بقیہ نمبر 30)

نیشنل پریس کلب کی گورننگ باڈی کا اجلاس

پریس کلب کی تزئین و آرائش اور مرمت سمیت مختلف امور پر تبادلہ خیال

اسلام آباد (این این آئی) نیشنل پریس کلب کی گورننگ باڈی کا اجلاس صدر انور رضا کی زیرصدارت منگل کو منعقد ہوا، اجلاس میں سیکرٹری خلیل احمد راجہ اور فنانس سیکرٹری نیئر علی سمیت گورننگ باڈی کے ممبران نے شرکت کی، اجلاس میں پریس کلب کی تزئین و آرائش اور مرمت سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا، اجلاس میں وزیر اعلیٰ (بقیہ نمبر 31)

خواتین بھی مقابلے کیلئے تیار، پی ٹی آئی نے سب سے زیادہ 21 ٹکٹیں جاری کیں

مسلم لیگ (ن) نے خواتین امیدواروں کو 6 جنرل نشستوں کے ٹکٹ الاٹ کیے

لاہور (این این آئی) 8 فروری کو ہونے والے انتخابات میں خواتین امیدوار بھی مقابلے کے لئے میدان میں ہیں۔ الیکشن 2024ء کے لئے پاکستان مسلم لیگ (ن) نے خواتین امیدواروں کو چھ جنرل نشستوں کے ٹکٹ الاٹ کیے ہیں جن میں مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز شریف، سائرہ افضل تارڑ، نوشین افتخار، شازرہ منصب علی، تہمینہ دولتانہ اور سیدہ شہر بانو بخاری شامل ہیں۔ پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی اسمبلی کی جنرل نشستوں پر نفیسہ شاہ اور شازیہ مری کو ٹکٹ ہولڈرز کے طور پر میدان میں اتارا جبکہ پاکستان (بقیہ نمبر 33)

الیکشن 2024 کے امیر ترین امیدوار کا نام سامنے آگیا

پیپلز پارٹی کے شیر محمد مغیری کا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے

کراچی (این این آئی) الیکشن 2024ء کے امیر ترین امیدوار کا نام سامنے آگیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پہلے نمبر پر پیپلز پارٹی کے صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی ایس 1 سے امیدوار شیر محمد مغیری ہیں جن کے اثاثوں کی مالیت تقریباً 5 ارب سے زائد ہے۔ ان کے درجنوں کمرشل پلاٹس، قیمتی گاڑیاں اور بنگلے کراچی، اسلام آباد اور جیکب آباد میں ہیں۔ (بقیہ نمبر 34)

راولپنڈی، مزید 84 کم عمر ڈرائیوروں کیخلاف مقدمات درج

راولپنڈی (این این آئی) سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر گزشتہ روز مزید 84 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق سی پی او سید خالد ہمدانی کی ہدایت پر کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے گزشتہ روز راولپنڈی پولیس نے 84 کم عمر ڈرائیوروں کے خلاف مقدمات درج کیے گئے، خصوصی مہم کے دوران اب تک 6289 مقدمات درج کیے گئے ہیں۔ سی پی او سید خالد ہمدانی (بقیہ نمبر 32)

راولپنڈی، ٹیکسلا پولیس کی کارروائی، 130 پتنگیں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش کو گرفتار کر کے 130 پتنگیں برآمد کر لیں۔ تفصیلات کے مطابق ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش اسامہ کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 130 پتنگیں برآمد ہوئیں۔ ایس پی پوٹھوہار نے کہا کہ پتنگ بازی جان لیوا کھیل ہے، پتنگ بازوں اور پتنگ فروشوں کیخلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

فوری ضرورت

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar

ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان وبیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com



صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

تھانہ رتہ امرال میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل عدیل زخمی

کانسٹیبل عدیل ڈیوٹی کے بعد جا رہا تھا کہ ڈاکوؤں کو واردات کرتے دیکھ کر روکنے کی کوشش کی

راولپنڈی (این این آئی) تھانہ رتہ امرال کے علاقہ میں ڈاکوؤں کی فائرنگ سے پولیس کانسٹیبل عدیل زخمی ہوگیا جس کو ہسپتال منتقل کر دیا گیا، کانسٹیبل عدیل ڈیوٹی کے بعد جا رہا تھا کہ ڈاکوؤں کو واردات کرتے دیکھ کر روکنے کی کوشش کی۔ تفصیلات کے مطابق کانسٹیبل عدیل ڈیوٹی کے بعد جا رہا تھا کہ تھانہ رتہ امرال کے علاقہ میں ڈاکوؤں کو (بقیہ نمبر 35)

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 3 گینگ گرفتار

چھینی گئی رقم 2 لاکھ 25 ہزار روپے، 2 موبائل فون اور ناجائز اسلحہ برآمد

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 3 رکنی گینگ کو گرفتار کر کے چھینی گئی رقم 2 لاکھ 25 ہزار روپے، 2 موبائل فون اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق ایئرپورٹ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 3 (بقیہ نمبر 36)

نگران وزیر اطلاعات احمد شاہ قطر کے قونصل جنرل نائف شاہین آر ایم سے ملاقات کر رہے ہیں

سٹریٹ کرائم میں ملوث ملزم گرفتار سے 4 موبائل فون اور رقم 4000 روپے برآمد

راولپنڈی (این این آئی) مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم کو گرفتار کر کے چھینے گئے 4 موبائل فون اور رقم 4000 روپے برآمد کرلی۔ تفصیلات کے مطابق مورگاہ پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث ملزم حماد کو گرفتار کرلیا، ملزمان سے چھینے گئے 4 موبائل فونز اور رقم 4000 روپے برآمد (بقیہ نمبر 37)

چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن معطل

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی جاوید بدر کو عہدے سے ہٹانے کا نوٹیفکیشن معطل کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس ساجد محمود بھٹی نے چیئرمین پنجاب ریونیو اتھارٹی کو عہدے سے ہٹانے کے خلاف درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے موقف اپنایا کہ چیف الیکشن کمشنر کے بھتیجے کو گریڈ 19 میں بھرتی کیا گیا، تقرر و تبادلوں پر (بقیہ نمبر 13)

شکایات ازالے کیلئے غلط پارکنگ کیخلاف مہم شروع کرنے کا فیصلہ

اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس میں اضافی لفٹرز شامل کیے جا رہے ہیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے شہریوں اور تاجروں کی شکایات کے ازالے کے لئے غلط پارکنگ کے خلاف مہم شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، اس سلسلے میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس میں اضافی لفٹرز شامل کیے جا رہے ہیں، جو غلط پارکنگ کے خلاف رہائشی علاقوں اور تجارتی مراکز میں بلاتفریق کارروائیاں عمل میں لائیں گے۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس وفاقی دارلحکومت میں ٹریفک کی روانی کو برقرار رکھنے (بقیہ نمبر 38)

شہری سردی کی شدت کم کرنے کے لئے آگ تاپ رہے ہیں

جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری

10 جرائم پیشہ عناصر سے مال مسروقہ، ہیروئن، چرس، شراب اور اسلحہ برآمد

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 10 جرائم پیشہ عناصر کو گرفتار کر کے مال مسروقہ، ہیروئن، چرس، شراب اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کے خصوصی احکامات کی روشنی میں اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف بلاتفریق کارروائیوں کا سلسلہ جاری ہے، گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے مختلف قانونی کارروائیوں کے دوران 10 جرائم (بقیہ نمبر 39)

چیف آرگنائزر پاکستان مسلم لیگ (ن) مریم نواز کا انتخابی حلقے میں آمد پر استقبال کیا جا رہا ہے

پی ٹی آئی کو بلا نہیں ملا تب بھی الیکشن میں حصہ لینا چاہیے

(ن) لیگ انتظار میں تھی بلا چھن جائے پھر ہم کھیلیں گے، خورشید شاہ

سکھر (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما خورشید شاہ نے کہا ہے کہ میرے خیال سے پی ٹی آئی کو بلا نہیں ملا تب بھی الیکشن میں حصہ لینا چاہیے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے خورشید شاہ نے کہا کہ پی ٹی آئی نے انٹرا پارٹی الیکشن میں قانون پر عمل نہیں کیا اسی لیے انہیں بلے کا نشان نہیں ملا۔ انہوں نے کہا کہ (ن) لیگ انتظار میں تھی بلا چھن جائے پھر ہم کھیلیں گے، ہم چاہتے تھے سب کو لیول پلیئنگ فیلڈ ملے۔ خورشید شاہ نے (بقیہ نمبر 40)

جدید لائسنس مینجمنٹ نظام کی بدولت ایک اور اشتہاری گرفتار

634 ای چالان نادہندگان سے 01 ہزار سے زائد ٹریفک چالان کی ادائیگیاں کروائی گئیں

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کیپیٹل پولیس کے جدید لائسنس مینجمنٹ نظام کی بدولت ایک عدالتی مفرور اور ایک اشتہاری مجرم کو گرفتار کیا گیا اور 634 ای چالان نادہندگان سے 01 ہزار سے زائد ٹریفک چالان کی ادائیگیاں کروائی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل سٹی پولیس آفیسر ڈاکٹر اکبر ناصر خاں کی خصوصی احکامات پر قائم شدہ (بقیہ نمبر 41)

ایڈیٹر انچیف۔۔ محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر 1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔ 0309-7900035

لندن پلان کے تحت جمہوریت کو روندا جا رہا ہے، انتخابی مہم شروع ہونے کے باوجود لوگوں کو اٹھایا جا رہا ہے

ہمارے پاس پلان سی بھی موجود ہے عمران خان

8 فروری کو انہیں جھٹکا لگے گا

پلان سی بھی موجود ہے اور 8 فروری کو انہیں جھٹکا لگے گا، اسی لیے یہ ڈرے ہوئے ہیں

راولپنڈی (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کے بانی چیئرمین عمران خان نے کہا ہے کہ پلان سی بھی موجود ہے اور 8 فروری کو انہیں جھٹکا لگے گا، اسی لیے یہ ڈرے ہوئے ہیں۔ بانی پی ٹی آئی نے اڈیالہ جیل میں میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ چیف جسٹس مسلمان ہیں اور مسلمانوں کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے کہا ہے کہ دشمنوں سے اتنی بھی نفرت نہ کرو کہ انصاف نہ کر سکو، قرآن سب کے لیے ہے اور ہمارا کام ہے یاد کروانا، انصاف کے نظام پر یقین نہیں، چاہتا ہوں کارروائی براہ راست دکھائی (بقیہ نمبر 19)

جنوبی وزیرستان میں دھماکا، قبائلی رہنما سمیت 3 افراد زخمی

چند ماہ پہلے ملک حاجی ریز کے گھر کے راستے میں بھی بم نصب کیا گیا تھا، ڈی پی او

جنوبی وزیرستان (این این آئی) جنوبی وزیرستان کی تحصیل وانا کے علاقے برمل میں دھماکا ہوا ہے جس کے نتیجے میں قبائلی رہنما سمیت تین افراد زخمی ہو (بقیہ نمبر 12)

جنرل ہسپتال میں خاتون کے ہاں 4 بیٹیوں کی پیدائش

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت کے جنرل ہسپتال میں 30 سالہ خاتون کے ہاں 4 بیٹیوں کی پیدائش ہوئی ہے۔ جنرل ہسپتال انتظامیہ کے مطابق خاتون کے ہاں پیدا ہونے والی 4 میں سے 3 بیٹیاں بالکل صحت مند ہیں۔ ہسپتال انتظامیہ کا کہنا ہے کہ 2 بیٹیوں کا وزن 2 اعشاریہ 2 کلو، تیسری کا 2 کلو اور چوتھی کا وزن 1 (بقیہ نمبر 42)

حادثے میں جاں بحق پولیو ورکرز کے ورثاء کی امداد

دونوں جاں بحق پولیو ورکرز کے ورثاء کو پانچ پانچ لاکھ دیئے گئے

بھکر (ظفر اعوان) ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے گزشتہ سال پولیو راؤنڈ کے دوران ٹریفک حادثے میں جاں بحق 2 پولیو ورکرز کے ورثا کو امدادی رقوم کے چیکس حوالے کردیے۔ تفصیلات کیمطابق ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر نور محمد اعوان نے پولیو ورکرز آفتاب (بقیہ نمبر 14)

CONFERENCE
JAMAAT E ISLAMI

امیر جماعت اسلامی سراج الحق منصورہ میں پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ڈولفن فورس کا ڈیوٹی ٹائم 8 کی بجائے 12 گھنٹے کر دیا گیا

لاہور (این این آئی) ڈی آئی جی آپریشنز نے ڈولفن فورس کا ڈیوٹی ٹائم بڑھا دیا، ڈولفن فورس کا ڈیوٹی ٹائم 8 کی بجائے 12 گھنٹے کر دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق ڈولفن فورس کا ڈیوٹی ٹائم 8 کی بجائے 12 گھنٹے کر دیا گیا ہے، ڈی آئی جی آپریشنز علی ناصر رضوی نے ڈیوٹی ٹائم بڑھانے کے احکامات جاری کیے، ذرائع کا کہنا ہے کہ ڈولفن فورس اب دو شفٹوں میں ڈیوٹیاں دے گی، پہلی شفٹ صبح چار سے شام چار جبکہ دوسری شفٹ شام چار سے (بقیہ نمبر 43)

ریٹائرڈ ہونے والے افسران کے اعزاز میں پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد

آپ نے ایک لمبا عرصہ محکمہ پولیس کی خدمت کی ہے، اب محکمے کو آپ کی خدمت کرنے کی ضرورت ہے، چیف ٹریفک آفیسر محمد سرفراز ورک

مشہد، گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری مشہد میں امام علی رضا کے مزار پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) کیپیٹل پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے افسران کے اعزاز میں ٹریفک پولیس ہیڈ کوارٹرز میں پروقار الوداعی تقریب کا انعقاد، تقریب کے مہمان خصوصی چیف ٹریفک آفیسر اسلام آباد تھے، سی ٹی او نے ریٹائرڈ ہونے والے پولیس افسران کی محکمہ پولیس کے لئے کی گئی خدمات کو سراہا اور انہیں اعزازی پولیس شیلڈز پیش کی۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد کیپیٹل پولیس سے ریٹائرڈ ہونے والے انسپکٹر حاجی عبدالمجید، سب انسپکٹر حق نواز اور مکینک محمد صادق (بقیہ نمبر 44)

مزید 778 غیر قانونی افغان شہریوں نے پاکستان چھوڑ دیا

لاہور (این این آئی) پاکستان کے مختلف شہروں میں غیر قانونی طور پر مقیم افغان باشندوں کی وطن واپسی کا سلسلہ بدستور جاری ہے۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق 15 جنوری کو مزید 778 غیر قانونی (بقیہ نمبر 45)

جب تک میں ہر گھر تک روزگار پہنچا نہیں دیتا، مطمئن نہیں ہوں گا

میں نے پہلے دن ہی سلیکٹڈ راج کو دنیا کے آگے ایکسپوز کر دیا، بلاول

نوڈیرو/لاڑکانہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں کامیابی کے بعد قائم ہونے والی عوامی حکومت ملک کو درپیش معاشی و سیاسی، بحرانوں کا حل نکالے گی اور دہشتگردی کے (بقیہ نمبر 46)

صوبے بھر میں ڈینگی کا کوئی نیا مریض سامنے نہیں آیا، سیکرٹری صحت

نئے سال میں پنجاب میں ڈینگی کے کل 17 نئے مریضوں کی تصدیق ہوئی

لاہور (این این آئی) گزشتہ روز صوبے بھر میں ڈینگی کا کوئی نیا مریض سامنے نہیں آیا۔ سیکرٹری صحت علی جان خان کے مطابق نئے سال کے دوران پنجاب میں ابھی تک ڈینگی کے کل 17 نئے مریضوں کی تصدیق ہوئی ہے جن میں سے پنجاب کے ہسپتالوں میں اس وقت ڈینگی کے 7 مریض زیر علاج ہیں۔ رواں ماہ کے دوران لاہور میں (بقیہ نمبر 47)

تحریک انصاف سے جمعیت علمائے اسلام شیرانی گروپ کا اتحاد ختم

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف سے جمعیت علمائے اسلام شیرانی گروپ کا اتحاد ختم ہوگیا۔ پی ٹی آئی رہنما شیر افضل مروت نے بتایا کہ پاکستان تحریک انصاف اور جے یو آئی شیرانی گروپ اتحادی نہیں رہے۔ جے یو آئی شیرانی (بقیہ نمبر 48)

سپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

مفت تشہیر کرنیوالی سیاسی جماعتوں کیخلاف کارروائی کا فیصلہ

پشاور (این این آئی) پشاور میں بی آر ٹی انفراسٹرکچر پر مفت تشہیر کرنے والی سیاسی جماعتوں کے خلاف ٹرانس پشاور نے کارروائی کا فیصلہ کرلیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ٹرانس پشاور نے سیاسی جماعتوں کو اشتہارات چلانے کے لیے متعلقہ ایڈورٹائزنگ ایجنسی سے رابطہ کرنے کی ہدایات جاری کردیں۔ ٹرانس پشاور کے مطابق سیاسی (بقیہ نمبر 49)

کیپیٹل پولیس کی شاہراہوں پر سفر کو محفوظ بنانے کیلئے موثر قانونی کارروائیاں جاری

گزشتہ سال کے آخری چار ماہ میں نگران حکومت کے دور میں پورے سال کی نسبت 33 فیصد زیادہ چالان وصول کیے

، ٹریفک قوانین کی پابندی حادثات سے بچانے میں مدد کرتی ہے، شہری ٹریفک قوانین کا احترام کریں، سی ٹی او ڈاکٹر اکبر ناصر خاں

اسلام آباد (چیف رپورٹر) کیپیٹل پولیس کی شاہراؤں پر سفر کو محفوظ بنانے کے لئے موثر قانونی کارروائیاں جاری، سال 2023 میں ٹریفک قوانین کی خلاف ورزیوں میں کمی لانے کے لئے جرمانوں میں اضافہ کیا گیا تھا، اسلام آباد کیپیٹل پولیس نے گزشتہ سال کے آخری چار ماہ میں نگران حکومت کے دور میں پورے سال کی نسبت 33 فیصد زیادہ چالان وصول کیے، ٹریفک قوانین کی پابندی حادثات سے بچانے میں مدد کرتی ہے، شہری ٹریفک قوانین کا احترام کریں اور بھاری جرمانوں سے بچیں۔ تفصیلات کے مطابق اسلام آباد (بقیہ نمبر 50)

نگراں وزیراعلیٰ سندھ کا امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر اظہار تشویش

سندھ کے بڑے شہروں سمیت دیہی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال خراب ہے

اسلام آباد (این این آئی) نگراں وزیراعلیٰ سندھ جسٹس (ر) مقبول باقر نے صوبے میں امن وامان کی بگڑتی ہوئی صورتحال پر سخت برہمی کا اظہار کیا ہے۔ منگل کو جسٹس (ر) مقبول باقر نے آئی جی پولیس اور ڈی جی رینجرز کو بگڑتی ہوئی امن وامان کی صورتحال پر خط لکھ دیا۔ انہوں نے خط میں لکھا کہ سندھ کے بڑے شہروں سمیت دیہی علاقوں میں امن وامان کی صورتحال خراب ہے، صوبے میں بڑھتے جرائم میں حالیہ اضافہ کافی تشویشناک ہے۔ نگراں وزیراعلیٰ سندھ نے ہدایات جاری کیں کہ صوبے میں جرائم کی بڑھتی لہر کو روکنے کے لیے فوری اقدامات کیے جائیں۔ انہوں نے لکھا کہ کراچی میں اسٹریٹ کرائم جیسی وارداتیں (بقیہ نمبر 51)

مارکیٹ سے شرطیہ انتہائی کم ترین ریٹ پر
صرف 5000/- روپے میں
اپنے کاروبار کے لئے
ویب سائٹ
ہم سے بنوایں.
وہ بھی ڈومین اینڈ ہوسٹنگ کے ساتھ
Free.com domain
Features:
Free SSL Certificate
1 Click WordPress installer
Unlimited Space
Unlimited Bandwidth
Unlimited Email Accounts
Unlimited MySQL data bases
Unlimited Subdomains
Latest Version of PHP, MYSQL and cPanel
24/7/365 Support
100% Up time Guarantee
Free/Instant Setup
News Website
Business Website
School Website
TV Channel Website
ویب سائٹ میں ڈیٹا ڈالنے کا مکمل طریقہ بھی ساتھ سکھایا جائے گا
سی پینل اور ورڈ پریس دونوں اکاؤنٹ دیے جائے گے
یہ آفر محدود مدت کے لیے ہے
E-Commerce Website
Price: 6000/-
Call / Whatsapp
0309-7900035